کیچ

۲۰۰۱



زیراہتمام گورنمنٹ ڈگری کالج عطاشاد تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library



QAZI AABAL AHAD
(Principal)

GOVERNMENT DEGREE COLLEGE ATA SHAD
TURBAT

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

مجلّہ کیچ سنہ ۲۰۰۱ (اُردو، بلوچی، انگلش)

عام ترتیب

Library Govt: Degree College
Acc: No.
TURBAT.

نام مجلّہ .... کیچ

زبانیں .... اردو -بلوچی اور انگریزی

سرپرست .... پروفیسر قاضی عبدالاحد

مدیر عمومی .... سربلند خان

مدیر اردو .... باقر علی شاکر

مدیر بلوچی .... سربلند خان

مدیر انگریزی .... محمد جان

شمارہ ۳

سن اشاعت ۲۰۰۱

جملہ حقوق بحق میگزین سوسائٹی گورنمنٹ ڈگری کالج عطاشاد تربت محفوظ ہیں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اُردو حصّہ

۲۰۰۱ء

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ترتیب حصہ اردو

نام میگزین	”کیچ“
زبان	اردو
سرپرست	پروفیسر قاضی عبدالاحد
ایڈیٹر	باقر علی شاکر لکچرار اردو
سال	۲۰۰۱ء
صفحات	
مدیر	غنی شریف بی اے فائنل ایئر
ناشر	میگزین سوسائٹی
کمپوزنگ	غلام رسول کلمتی

زیر اہتمام

گورنمنٹ ڈگری کالج عطاشاد تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اس شمارے میں

نمبر شمار	مضمون	مصنف	صفحہ
۱	ایڈیٹر کی رائے	باقر علی شاکر	۶
۲	انسانیت، انسان کی تلاش میں	غوث بخش ناگمان	۱۱
۳	مقصد حیات اور اسکا حصول	امان اللہ زہری لیکچرار باٹنی	۱۴
۴	دل کی زندگی	منیر احمد لیب اسٹنٹ	۱۶
۵	ہمارا مطالعاتی دورہ	غفور محتاج	۲۰
۶	بچوں کی شخصیت پر والدین کے اثرات	اسماء شمیم لیکچرار ہوم اکنامکس	۲۴
۷	غزل	باقر علی شاکر	۲۵
۸	غزل	امان اللہ زہری	۲۶
۹	نیوٹن نامہ	گہرام حیات	۲۷
۱۰	یہ آتے جاتے سال	ہُمانا ز لیکچرار	۲۹
۱۱	ہمارا معاشرہ اور عورت	گل افروز سعید	۳۰
۱۲	خوشبو بھری باتیں	خالدہ امام بلوچ	۳۲
۱۳	ہر دلعزیزی کا گر	محمد کریم سیف	۳۳
۱۴	اب پچھتاوے کیا جب چڑیاں چگ گئیں کھیت	عابد لعل ناصر آبادی	۳۵
۱۵	نظم :اس کے نام	گہرام حیات	۳۴
۱۶	یہی بہت ہے	حفیظ رؤف	۴۳
۱۷	افسانہ ''فیصلہ''	محمد کریم سیف	۳۷
۱۸	محبت	نواز سلیم	۳۹

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

نمبر شمار	مضمون	مصنف	صفحہ
۱۹	صحت "پولیو"	حمید حبیب (کلاس سیکنڈ ایئر)	۴۰
۲۰	حسن اخلاق	بہرام عیسیٰ نظر آبادی (سیکنڈ ایئر)	۴۲
۲۱	کوشش آخری سائنس تک	منیر احمد لیب اسسٹنٹ (فزکس)	۴۴
۲۲	نظم "دل کے ارمان"	سیمک ندا (پری میڈیکل)	۴۸
۲۳	نظم "بھولی سی لڑکی"	ثناء (تھرڈ ایئر)	۱۵
۲۴	سائنسی معلومات	حمید حبیب	۳۸
۲۵	معلوماتِ اقبال	سجاد حبیب	۳۳
۲۶	معلوماتِ عامہ / ہماری دنیا	غوث بخش ناگمان	۴۹
۲۷	اقوال زرّین	شاکرہ علی محمد فائنل ایئر (بی ایس سی)	۵۰
۲۸	بچوں کے بنیادی حقوق	شفیق شاد بی اے فائنل ایئر	۳۶
۲۹	افسانہ خواب یا حقیقت	کلثوم احمد علی	۵۱
۳۰	انفرادی اختلافات	اسماء شمیم، لیکچرار ہوم اکنامکس	۵۴
۳۱	زندگی کے آداب	دُردانہ شیران، بی، اے	۵۷
۳۲	بچوں کے بنیادی حقوق	شفیق شاد	۳۶
۳۳	ہمارا نظامِ تعلیم اور محکمہ تعلیم	آصف خان برجبیس	۵۹
۳۴	آزاد نظم	عطا شاد	۲۳
		″	۵۶
		″	۵۳
		″	۵۸
		″	۶۳

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ایڈیٹر کی رائے

کوئی تو لپٹ کر روئے جوان لاشوں سے
اسی لئے تو وہ بیٹوں کو مائیں دیتا ہے

قارئین کرام!

جس باغ کی دیکھ بھال اور اس کی حفاظت کی ذمہ داری مجھ ناچیز کو سونپ دی گئی تو میں نے باغبان بن کر تمام گلوں کی خوبصورتی کو اور زیادہ نکھارنے کی طرف بھر پور توجہ دی اور اب اس باغ کے گلوں سے جو گلدستہ سجا کر پیشِ خدمت ہے اسے کالج کے اسٹاف اور طلباء کی مشترکہ کاوشوں اور انتھک محنتوں کی سعادت حاصل ہے۔

ویسے اس مجلّہ کا مقصد تخلیقی صلاحیتوں کو ابھارنا اور علم کی روشنی پھیلانا ہے اس مقصد کو پانے میں ہم کس حد تک کامیاب ہوئے ہیں یہ تو میگزین میں شامل مواد پڑھنے کے بعد آپ ہمیں اپنی آراء سے نواز سکتے ہیں۔ ہمیں آپ تمام پڑھنے والوں کی تجاویز کا شدّت سے انتظار رہے گا۔

''کیچ'' میگزین کی اشاعت سے متعلق ہمارے محترم پرنسپل جناب قاضی عبدالاحد صاحب کی کوششوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا کہ اس کی اشاعت میں انہوں نے خاصی ذاتی دلچسپی کا اظہار کیا۔ لیکن میگزین چھپتے چھپتے اس کا تبادلہ ہوا اور پروفیسر وحید اقبال نئے پرنسپل ہیں۔

ویسے انسان غلطی کا پتلا مانا گیا ہے لیکن میں نے اپنی طرف سے بھر پور کوشش کی ہے کہ مجلّہ میں شامل مضامین غلطی و سہو سے پاک ہوں اور پڑھنے والوں کو بہترین تفریحی مواد مل جائے۔ تاہم اگر ہم سے کوئی کسر اب بھی رہ جائے یا مجلّہ میں شامل مواد کسی کی دل آزاری کا باعث بنیں تو ہم اس کے لئے پیشگی معزرت خواہ ہیں۔ اور علم کے چاہنے والوں کے لئے۔

مرا پیغام محبت ہے جہاں تک پہنچے

باقر علی شاکر
ایڈیٹر شعبہ اردو
گورنمنٹ ڈگری کالج عطاشاد تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

گورنر بلوچستان جسٹس ریٹائرڈ امیر الملک مینگل کا

پیغام

یہ جان کر بڑی خوشی ہوئی کہ گورنمنٹ ڈگری کالج عطاشاد تربت کے جریدے ''کیچ'' کا تیسرا شمار اشائع کیا جا رہا ہے۔ کالج میگزین سے کالج کی تعلیمی سرگرمیوں کی عکاسی ہوتی ہے اور اس قسم کے جرائد کی اشاعت سے طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں مختلف موضوعات پر طبع آزمائی کرنے کا موقع ملتا ہے۔ توقع ہے کہ ''کیچ'' کے اس تیسرے شمارے میں اعلیٰ معیار بر قرار رکھا جائیگا اور اس میں معلوماتی اور ادبی مضامین شامل کئے جائینگے۔

اس سلسلے مین میں گورنمنٹ ڈگری کالج عطاشاد کے طلباء اور اساتذہ کو جریدے کی اشاعت پر مبارکباد دیتا ہوں اور ان کی کامیابی کی دعا کرتا ہوں۔

جسٹس (ریٹائرڈ) امیر الملک مینگل
گورنر بلوچستان

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پرنسپل کا پیغام

جدید تعلیم کے بغیر مستقبل میں اپنا تشخص بر قرار رکھنا مشکل ہو گا۔ معیار تعلیم کی بہتری کیلئے کوئی بھی کوشش اس وقت تک کارگر ثابت نہیں ہو سکتا جب تک طلباء اور والدین ساتھ نہ دیں۔ مستقبل چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کیلئے لازمی ہے کہ وہ جدید علوم سے بہرہ ور ہوں اس لئے ہم سب کو اپنے بچوں کی تعلیم کے حصول کیلئے موثر حکمت عملی طے کرنا ہوگا اور اس پر عمل کرنا ہو گا۔

کسی بھی تعلیمی ادارے کی ترقی کیلئے نصابی سر گرمیوں کے ساتھ ساتھ غیر نصابی سر گرمیاں ضروری سمجھی جاتی ہیں جن میں کھیلوں اور دیگر مشاغل کے ساتھ ساتھ ادبی سر گرمیاں ضروری ہیں۔ اس سلسلے میں کالج میگزین سے علمی اور ادبی سر گرمیوں کو فروغ ملتا ہے۔ اسی لئے کالج میگزین کا شائع ہونا ضروری ہے اور بڑی خوشی کی بات ہے کہ ڈگری کالج عطاشاد تربت کے طلباء اور اساتذہ نے اس روایت کو بر قرار رکھا ہے۔ کیچ میگزین کے اس تیسرے شمارے کے ایڈیٹوریل بورڈ کو میں مبارک باد پیش کرتا ہوں، خاص طور پر میگزین کے ایڈیٹر سر بلند خان، باقر علی شاکر اور محمد جان بلوچ کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہی کی کوششوں کی وجہ سے یہ میگزین وقت پر شائع ہوا۔

قاضی عبد الاحد

پرنسپل ڈگری کالج عطاشاد تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

"کیچ" میگزین کا تیسرا شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے، جس میں گورنمنٹ ڈگری کالج عطاشاد تربت کے طلباء وطالبات کے نگارشات شامل اشاعت ہیں۔ چونکہ اعلیٰ تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ادارے کا فرض ہوتا ہے مکران اور خاص طور پر کیچ ہر وقت ادبی لحاظ سے صف اول میں شامل رہا ہے۔ ہم یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ یہ بہت بڑا ادبی سرمایہ ہے لیکن ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہونگے کہ اس پسماندہ علاقے میں ٹیلنٹ (Talent) کی کمی نہیں ہے۔

میگزین چھاپنا ایک بہت مشکل اور صبر آزما کام ہے لیکن اس مشکل میں ساتھیوں نے مکمل تعاون کیا یادِ ماضی کے حوالے سے کالج کے ایک سابق طالب علم اور بلوچی کے نوجوان ادیب، شاعر اور نقاد اے آر داد کا ایک مضمون شامل اشاعت ہے۔

میگزین کے اشاعت میں پرنسپل قاضی عبدالاحد بلوچ کا بہت تعاون رہا ہے اس کے علاوہ ایڈیٹوریل بورڈ نے بھی بہت محنت کی ہے جن میں پروفیسر باقر علی شاکر، پروفیسر محمد جان بلوچ، پروفیسر سلمیٰ انور، پروفیسر ہماناز، غنی شریف، قاسم فراز اور کاشف جمیل شامل ہیں۔ میں پروفیسر باقر علی شاکر کا بے حد مشکور ہوں کہ اس نے اپنے کام میں بہت چُستی دکھائی۔

آخر میں اگر میں "بلوچی لبز انک" حب کے نائب شونکار عبدالواحد بلوچ کا شکریہ ادا نہ کروں تو بہت زیادتی ہوگی، جس نے "کیچ" میگزین کے اس تیسرے شمارہ کے چھاپنے میں اہم کردار ادا کیا۔

اور آخر میں یہ بات کہ میگزین کے تمام کام فائنل ہونے کے بعد پرنسپل قاضی عبدالاحد صاحب کا تبادلہ ہوا اور نئے پرنسپل وحید اقبال صاحب نے چارج سنبھالا۔

اور سب سے آخر میں پڑھنے والوں سے گذارش ہے کہ خامیوں اور کوتاہیوں کی نشاندہی کریں تاکہ آگے اصلاح کی جاسکے۔

شکریہ

سربلند خان بلوچ
ایڈیٹر "کیچ" میگزین
ڈگری کالج عطاشاد تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

قدم بہ قدم

علم و دانش کی جستجو ہر وقت انسان کی خواہش رہی ہے اور جتنے بھی مذاہب ہیں سب نے علم حاصل کرنے کی تلقین کی ہے۔ ہمارے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ نے فرمایا ہے کہ علم حاصل کرو خواہ تمھیں چین جانا پڑے۔ اس لئے مکران کے لوگ موجودہ حیثیت تک پہنچنے کیلئے کٹھن مراحل سے گزر چکے ہیں۔

علاقے میں علم کی تشنگی کو محسوس کرتے ہوئے حکومت نے ۱۹۶۹ء میں تربت میں انٹر میڈیٹ کالج قائم کیا اور پروفیسر افتخار احمد غوری تربت کالج کے پہلے پرنسپل رہے۔ غوری صاحب کے بعد جناب پروفیسر غلام رسول خالد کالج کے دوسرے پرنسپل رہے۔ خالد صاحب کے بعد پروفیسر میاں محمد صدیق، پروفیسر ریاض بلوچ، پروفیسر غلام مصطفیٰ، پروفیسر ایس جی شبیر، پروفیسر محمد یعقوب اور قاضی عبدالاحد بلوچ کالج کے پرنسپل رہے ہیں۔

کالج کی بلڈنگ میں وقتاً فوقتاً توسیع ہوتی رہی ہے لیکن اسکے ساتھ ساتھ طلباء کی تعداد میں اضافہ ہوتا رہا ہے اس لئے ابھی تک اس میں کمی محسوس ہوتی رہی ہے۔

کالج کے تین ہوسٹلز ہیں جن میں تقریباً ۲۵۰ لڑکوں کے رہائش کی گنجائش ہے لیکن لائبریری کی کوئی بلڈنگ نہیں اسکے علاوہ لیبارٹریز کی بھی کمی ہے۔

چونکہ بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ کے بعد تعداد کے لحاظ سے یہ بلوچستان کا دوسرا بڑا کالج ہے اس لئے اس میں مزید تعمیرات کی ضرورت ہے۔ کھیلوں کی ترقی کیلئے کالج میں فٹ بال اور کرکٹ گراؤنڈ موجود ہیں۔

آخر میں یہ خبر کہ میگزین کے چھپتے چھپتے پرنسپل قاضی عبدالاحد بلوچ کا تبادلہ ہوا اور نئے پرنسپل وحید اقبال نے چارج سنبھالا جو نہ صرف ایک منتظم ہیں بلکہ ایک بہترین استاد بھی ہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

انسانیت، انسان کی تلاش میں ہے!

تحریر: غوث بخش ناگمان
کلاس: تھرڈ ائیر بی ایس سی

انسان! جسے اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات سے افضل بنا کر یہ ثابت کر دیا کہ یہ مخلوق اُسکی انتہائی عزیز ترین مخلوق ہے۔ اور اگر یہ مخلوق (انسان) اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے راستے سے روگردانی بھی کرے، تو خالق کائنات نے اُسکی بخشش کیلئے توبہ کا دروازہ کھلا رکھا ہے۔ تاکہ وہ اپنی غلطیوں اور گناہوں کا اعتراف کر کے خلوص سے توبہ کر کے ہمیشہ کیلئے تائب ہو۔ لیکن! یہ کیا! کہ ہم انسان توبہ کرنے کے بعد بھی اپنی غلطیوں اور گناہوں پر شرمسار نہیں ہوتے، بلکہ بخشش کی امید پر مزید غلطیوں اور گناہوں کا ارتکاب کرتے ہیں اور یہ بھول جاتے ہیں کہ جس مالک حقیقی کے ساتھ ہم آئندہ کے لئے غلطیوں اور گناہوں سے توبہ کرنے کا عہد کر رہے ہیں، ہم نے آخر اسی کی دربار میں جاکر حساب دینا ہے۔ جس کے ہاتھ میں ہماری زندگی اور سانس کی روانی ہے۔ یعنی اسکا یہ مطلب ہوا کہ ہم دھوکہ دہی اور ایفائے عہد کو توڑنے کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

قارئین کرام! ہم انسان تو کہلاتے ہیں، لیکن کتنے اچھنبے کی بات ہے کہ انسان ہو کر ہم میں وہ خوبیاں نہیں ہیں جو ایک اچھے انسان کے لئے ضروری ہیں۔

ایک سخت گیر انتظامی آفیسر یا انٹرویو دینے کیلئے ہم کس قدر احتیاط، تمیز اور بن ٹھن کر جاتے ہیں، کہ ایسا نہ ہو کہ آفیسر خفا ہو۔ یا اسکے مزاج پر ہماری آمد گراں گزرے۔ لہذا ڈرتے ڈرتے انتہائی احتیاط سے ہم اسکے سامنے کھڑے ہو کر اپنا مُدعا بیان کرتے ہیں، چاہے بعد میں ہمارا کام بھی نہ بنے۔ حالانکہ وہ آفیسر بھی تو ہماری طرح کا انسان ہوتا ہے۔ ہم اسکے رعب اور دبدبے کا تو خیال رکھتے ہیں۔ لیکن جس خالقِ کائنات نے ہمیں تخلیق کیا، اس سے ہم وعدہ خلافی اور وہ بھی بار بار کرتے رہتے ہیں۔ یہ ہے ہمارا اصل! ہم میں کوئی خوفناک انجام سے بے خبر ہو کر صرف آج کی ضروریات پر خوش ہیں۔ اور اپنے تئیں خود کو یہ کہہ کر دھوکہ دے رہے ہیں کہ ہم دوبارہ توبہ کرلیں گے۔ اللہ کے گھر سے مایوسی نہیں ہونا چاہیئے۔ دراصل ہم میں پچھتاوے اور پشیمان کے جراثیم مفقود ہو گئے ہیں۔

آیئے ذرا یہ جائزہ لیتے ہیں کہ ہم آج کس مقام پر کھڑے ہیں۔ پوری دنیا کو دیکھ لیجیئے، انسان نے گزشتہ صدی میں جس سُرعت اور تیزی سے ترقی کی ہے اور جس تیزی سے ترقی کے منازل طے کر رہا ہے، اسی تیزی سے انسان پر قدرتی آفات، آپس کی لڑائی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

جھگڑے اور قوم و مذہب کے نام پر جس طرح انسانوں کا بے دریغ قتل عام ہو رہا ہے، اسکی نظیر نہیں ملتی۔ ہمیں اپنے ملک سے باہر کی دنیا کو دیکھنے کی ضرورت ہیں نہیں، ہمارے ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں۔ ہر طرف موت کا رقص جاری ہے۔ آئے دن ذرائع ابلاغ کے ذریعے ہم سنتے اور دیکھتے آرہے ہیں۔ کہ روز بے گناہ انسانوں کو ذاتی مفاد کی خاطر بے دردی سے قتل کیا جاتا ہے۔ کہیں عزت کے نام پر، کہیں مذہب کے نام پر اور کہیں قومیت کے نام پر، کہیں ڈاکے، چوری اور کہیں راہزنی، مسلمان ہو کر ہم مسلمان عورتوں کی عزت پر ڈاکہ ڈالتے ہیں۔ جھوٹ فریب، دغابازی، مکاری، چالاکی، عیاری، منافقت، دھوکہ دہی، کام چوری، سستی، کاہلی اپنی ذمہ داریوں سے فرار، تن آسانی، شراب نوشی اور ہر قسم کی منشیات کا استعمال، عیاشی اور غنڈہ گردی یہ ہیں وہ خوبیاں جو آج ہم میں بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں۔ اور اسکا انجام! آج ہم اربوں ڈالر کے مقروض ہیں۔ ہمارا بچہ بچہ قرض کی لعنت میں جکڑا ہوا ہے۔ ہم وہ ہیں جو کہ غیر ملکی قرضوں پر خوب عیاشی کر رہے ہیں۔ کسی نے اس ملک کا نہیں سوچا ہے، اگر سوچا ہے تو یہ سوچا ہے کہ کس طرح بر سر اقتدار آکر اس ملک کی سسکتی ہوئی لاش کی تکہ بوٹی کیجائے۔ ہمارے کرتا دھرتاؤں نے صرف یہی سوچا ہے ؎

بابر بہ عیش کوش کہ عالم دوبارہ نیست

آج اگر آپ کسی ویرانے میں یا جنگل میں رات بسر کریں تو آپ کو جنگلی جانوروں کا خوف کم، لیکن کسی انسان کا کوف زیادہ ہوگا، اسکی وجہ یہ ہے کہ جنگلی جانور بھی حملہ کرنے سے پہلے اپنی زبان میں للکارتے ضرور ہیں۔ لیکن ہم انسانیت کے دعوے دار انسان نیند میں مدہوش انسانوں کو ذبح کرتے رہتے ہیں۔

اسلام کی تعلیم تو یہ ہے کہ ایک انسان کا خون پوری انسانیت کا خون ہے۔ پھر ہم آج کس راستے پر رواں دواں ہیں، کہ معمولی تکرار، گھور کر دیکھنے یا ذاتی مفادات کی خاطر انسانوں کا قتل کر ڈالتے ہیں۔ ہم اپنی ذات میں اس قدر نڈر، بیباک اور ہٹ دھرم ہیں کہ منفی کردار ادا کرنے کے بعد بھی ہماری گردنیں شرم سے جھکنے کی بجائے فخر سے اور تن کر اکڑ جاتی ہیں۔ اور ہم سمجھتے ہیں کہ ہم نے ناقابل تسخیر کارنامہ انجام دیا ہے۔ قتل و غارت گری کا یہ ایک ایسا سلسلہ ہے جس میں جاہل تو جاہل پڑھے لکھے افراد بصد شوق و رغبت شامل ہیں۔

ہم دور کیوں جائیں۔ ہم ضلع کیچ اور مکران ڈویژن ہی کو لے لیتے ہیں۔ آئے دن ایسی خبریں سنتے اور پڑھتے ہیں کہ روح کانپ اٹھتی ہے۔ خاندانی دشمنیوں یا قوم قبیلے کا دنگا فسادات میں، معصوم لوگ جنہیں پتہ ہی نہیں کہ دشمنی کے محرکات کیا ہیں۔ ان کا گناہ یہ ہوتا ہے کہ وہ متعلقہ خاندان سے رشتہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

جوڑے ہوتے ہیں۔ اس بے دردی اور انسانیت سوز طریقے سے قتل کر دیئے جاتے ہیں کہ اکثر خود مارنے والا بھی انگشت بدندان رہ جاتا ہے کہ اس نے یہ کیا کیا۔ یہ صرف ہماری جہالت، بے شعوری، بے جا ضد اور اسلام کی سُنہری تعلیمات سے دُوری کا نتیجہ ہے۔ ہم روزہ رکھ کر یا نماز پڑھ کر اپنے آپ کو مسلمان ضرور کہتے ہیں، لیکن کیا یہ قتل وغارت گری اور ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان کو معمولی بات پر قتل کر ڈالنا، کیا صحیح اقدام ہیں؟ اس بات پر ہمارا پورا معاشرہ خاموش ہے۔ آج انسان بھوک، مفلسی، غذائی قلت، قدرتی آفات کا پے در پے شکار ہو رہا ہے۔ لیکن انہیں اربابِ اختیار اپنی من گھڑت تقاریر اور جلسے جلوسوں کے ذریعے دبانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ اسی طرح اس سے بدتر کیفیت ہمارے جان بچانے والے مسیحاؤں کی ہے۔ انسانیت اور انسان کے بلکنے کا اس سے زیادہ خوفناک اور دہشتناک منظر کیا ہوگا کہ ہسپتالوں میں قریب المرگ مریض ایڑیاں رگڑ رگڑ کر جان دے دیتے ہیں۔ ان کے لواحقین چیخ چیخ کر اپنے مریض کو اپنے سامنے موت کے مُنہ میں جاتا دیکھتے ہیں لیکن بالامر مجبوری چیخ کر اور دہائی دے کر خاموش ہو جاتے ہیں۔

"ڈاکٹر" یہ لفظ ذہن میں آتا ہے تو ہم تصورات میں ایک ایسے ہستی کا خاکہ بنا لیتے ہیں جو انسان کو موت کے منہ میں زبردستی جانے سے روکتا ہے۔ ہم اسے مسیحا سمجھتے ہیں۔ لیکن آج صرف دس فیصد ڈاکٹر ایسے ہونگے، جو واقعی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھ کر دل و جان سے اور خلوص نیت سے انسانیت کی خدمت کر رہے ہوں گے۔ وگرنہ جو لوٹ مار میڈیکل کے شعبے میں ہے، وہ سب جانتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں ڈاکٹر بن کر پیسے کمانا ایک انتہائی منافع بخش پیشہ بن چکا ہے، جس کے لئے لوگ یہ جائز و ناجائز حربہ استعمال کرتے ہیں۔

مختصراً یہ کہ ہر شعبہ زندگی میں انسان اور انسانیت کی تذلیل ہو رہی ہے۔ یہ لمحہ فکریہ ہے، جس کے بارے میں خود انسان کو انفرادی و اجتماعی طور پر سوچنا اور اس کا حل تلاش کرنا ہے۔

دوستو! آج انسانیت پکار پکار کر انسانوں سے کہہ رہی ہے کہ مجھے اپنا لو اور اپنے ہر شعبہ زندگی میں بسا لو۔ انسانیت، انسان کو تلاش کر رہی ہے۔ لیکن انسان نہ جانے کہاں کھو گیا ہے۔ وہ حرص و ہوس، خود غرضی، لالچ اور درندگی کے اس لامحدود صحرا میں گم ہو کر رہ گیا ہے جس کا ایک لامتناہی سلسلہ ہے، نہ کبھی وہ سلسلہ ختم ہوا تھا اور نہ کبھی ہوگا۔ انسان کٹ رہے ہیں، انسانیت سِسک سِسک کر دم توڑ رہی ہے اور دردناک بات تو یہ ہے کہ کوئی نہیں جو انسان اور انسانیت کو بچا سکے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

مقصدِ حیات اور اُسکا حصول

امان اللہ زھری : لیکچرار باٹنی

ہر ذی شعور انسان کا ضرور ایک مقصدِ حیات ہوتا ہے۔ اور اس کے لئے راہ تعین کرنا اس کا اپنا فطری عمل ہے۔ اور یہ عمل پھنگوڑے سے لیکر لحد تک قائم و دائم رہتا ہے۔ ایک انسان و حیوان میں یہی فرق ہوتا ہے کہ حیوان کی زندگی کا کوئی متعین مقصد اور کوئی گول (Goal) نہیں ہوتا۔ لیکن انسانوں کی زندگیوں کا ایک مقررہ مقصد اور فیصلہ شدہ نصب العین ہوا کرتا ہے۔

جب ہم اپنی زندگی میں کسی طرف کو سفر پر جانا چاہتے ہیں۔ تو ہمارے سامنے اس سفر کا ایک مقصد ہوا کرتا ہے۔ کبھی تجارت کا مال خریدنے کیلئے جاتے ہیں۔ کبھی کسی اور غرض سے بہر حال اس سفر کا ایک معین مقصد ضرور ہماری آنکھوں کے سامنے ہوا کرتا ہے۔ چاہئے وہ طالب علم ہوں یا عالم و فاضل بالکل اس طرح سے خود ھماری یہ زندگی بھی ایک سفر ہے۔ اور اس سفر کا بھی ایک آغاز ھے۔ اور ایک انجام ھے۔ اس لئے کہ ہر دانشمند آدمی کو اپنے سفر حیات کا ایک مقصد متعین کر لینا چاہیئے۔ کیونکہ عمدہ زندگی کیلئے ایک اعلیٰ نصب العین متعین کرنا اور پھر اس مقررہ مقصد تک پہنچنے کیلئے عزم اور استقلال سے کام لینا بھی ضروری ہے۔ اور مقصد کے ساتھ خود شناسی بھی ہونا چاہیئے۔ کیونکہ خود شناسی علم کی انتہاہ ہے۔

اور مقصد حیات ھمیشہ اعلیٰ ہونا چاہیئے۔ اور اس کے ساتھ ساتھ متوازن طرز حیات بھی بہترین عمل ہے۔ کیونکہ جو آدمی آسمان پر تیر پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ وہ کم از کم اونچے سے اونچے درخت و مقام کی چوٹی تک تو تیر پہنچانے میں یقیناً کامیاب ہوگا۔ جو لوگ نوع انسانی کی خدمت کرنا اور اس کے لئے اپنی زندگی ایثار کرنا حقیقی مقصد سمجھتے ہیں۔ وہ سیدھے راستے پر ہیں۔

مقصد حیات کا راہ نہ ادھر دیکھتا ہے نہ اُدھر۔ وہ پورے یقین اور پوری طمانیت قلبی کے ساتھ آگے آگے بڑھتا چلا جاتا ہے۔ بالکل اسطرح کہ طویل سفر سے آنے والا ایک تھکا، درماندہ مسافر اپنے وطن مالوف میں پہنچنے اور اپنے عزیز و اقارب کی طرف واپس جاتا ہوا کمال خوشی انتہاہی راحت اور قلبی مسرت کے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ساتھ راستے کی مشکلات اور مصائب سے آنکھیں بند کر کے آگے آگے چلتا جاتا ہے۔ کوئی رکاوٹ اس کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی کوئی مشکل اس کو مایوس نہیں کر سکتی۔ کوئی خطرہ اس کو ڈرا دھمکا کر اپنے فیصلہ شدہ مقصود سے نہیں ہٹا سکتا۔

مقصد حیات کا حصول یہ بھی ہے۔ کہ بلند مقصد حیات کا حصول کوئی آسان کام نہیں ہے۔ اس میں بڑی بڑی مشکلات اور کھٹن مصائب پیش آتے ہیں۔ اور نیک مقاصد کی راہ میں جب گناہ اور بری عادتیں عود کر آتی ہیں۔ تو اپنی بری عادتوں سے انکار کرنا اور زیادہ مشکل بن جاتا ہے۔ بالخصوص جبکہ اس عادت کے پورا ہونے کے سارے مواقع اور عمل میسر آچکے ہیں۔ دراصل یہ قدرت کی طرف سے ایک امتحان ہے۔ اور یہی وہ موقع ہے۔ جبکہ آپ کو "ہرگز۔ بالکل نہیں" کہہ کر اپنے نفس امارہ کو ایک کاری ضرب لگا دینی چاہیئے۔ نفس امارہ بڑا غدار ہے۔ وہ آپ کو گوں ناگوں حیلوں اور بہانوں سے پھسلانے اور مقصد حیات سے دور لیجانے کی کوشش کریگا۔ متواتر اس کو دو ٹوک جواب دیتے چلے جائیں گے تو کامیابی یقینی ہے۔

ھمیں اپنے مقصد حیات میں والدین کی خوشنودی و خدمت خلق، اسوہ حسنہ کے ساتھ ساتھ اپنا کر اپنی منزل مقصود کا تعین کر لینا چاہیئے۔ چونکہ احکاماتِ الٰہی ہی اصل منزل مقصد حیات مضمر ہے۔

❀❀❀

نظم

بھولی سی لڑکی

ثناء
(تھرڈ ایئر، پری میڈیکل)

عید کا سماں
اک بھولی سی لڑکی
ہاتھوں پہ بھڑکے انگارے سجائی ہوئی
جیسے! حِنا کے پھول ہوں
اس کی آنکھیں
جیسے کشتی ہوں
آنسو جیسے سمندر ہوں
جیسے آنکھیں سمندر میں ڈوبتی جا رہی ہوں
اور وہ لڑکی تھی
پل پل اپنوں سے قتل ہونی والی
جتنی خوبصورت مہندی کے نقش ہتھیلی پہ
اتنی درد کی پرچھائیں، کھٹن مرحلہ
پھر بھی وہ لڑکی دیدارِ چاند عید سے
گلاب کی سی کھل اٹھی
لیکن!
وہ خوشی پل دو پل کی تھی

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

دِل کی زندگی

منیر احمد
لیب اسسٹنٹ

آج دلوں کی سرزمین اس قدر بنجر ہو گئی ہے کہ اس میں کوئی روئیدگی، کوئی سبزہ مہر و وفا کی کوئی کونپل تک نہیں پھوٹتی۔ ہر فرد اپنے دل کے ہاتھوں پریشان ہے۔ دوسرے انسان کے دل کی آہوں سسکیوں کو سننے کی صلاحیت سے بھی محروم ہے۔ اپنے گھر سے لے کر باہر کی وسیع دنیا تک دلی صدمے وافر میسر ہیں۔ غم جگہ جگہ ملتا ہے۔ نفرت و کدورت کے چرکے قدم قدم پر لگ رہے ہیں۔

ہمارا دنیا و آخرت کی بھلائی اسی میں ہے کہ ہمارے سینوں میں دل اور دل میں جذبات محبت موجود رہیں۔ زندگی ایک پھول ہے اور محبت اسکی مٹھاس ہے۔ محبت کی خوبصورت راہنمائی ہمارے خالق نے اور اسکے رسول ﷺ نے کی ہے۔ فرمایا کہ اہل ایمان کے دلوں کو محبت الٰہی جوڑتی ہے نہ کہ دولت، روئے زمین کے خزانے لٹا کر ہی دلوں میں محبت کی جوت نہیں جگائے جاسکتی۔ ماں کے دل میں بچے کی بے پناہ محبت ڈال دیتا ہے۔ پھر باپ کے دل میں، بھائی کے دل بھائی سے محبت۔ محبت جہاں بھی ہے اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ہے۔ لیکن سب سے بڑھ کر تو اپنے خالق سے اور اسکے رسول ﷺ سے محبت حاصلِ زندگی ہے۔

اللہ کے نبیؐ نے فرمایا "اس شخص نے ایمان کا شیریں مزہ پالیا جو اللہ کے رب ہونے پر راضی ہو گیا"۔ رضائے الٰہی کی مٹھاس تمام حلاوتوں سے زیادہ میٹھی ہے۔ ہم بے نصیب مسلمان اس مٹھاس سے اپنے دل خالی کر بیٹھے۔ اب محبت الٰہی کی حلاوت کہاں سے نصیب ہو۔ یہ کلام اللہ سے حاصل ہوگی۔ جب قرآن کریم کو دل کی دھڑکنوں میں اتارا جائے گا۔ تو حُبِ الٰہی کی سرسبز شاخیں، کونپلیں اور کلیاں کھل جائیں گی۔ آگاہ رہو۔ ذکر الٰہی سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے۔ ذہنی سکون کی تلاش میں لوگ ملک ملک پھرتے ہیں۔ اطمینان قلب ظاہری نماز روزہ کرنے والوں کو بھی کم ہی میسر آتا ہے۔ کیونکہ دلوں میں حبِ الٰہی کے برابر برابر اور کبھی بالاتر اور بہت سی چیزوں کی محبت حسین بتوں کی شکل میں سجائی ہوتی ہے۔

ایک صحابیؓ نے رسول ﷺ سے پوچھا "حضورؐ ایسا عمل

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

بتائیں کہ خدا اور بندگان خدا مجھ سے پیار کرنے لگیں"۔ آپؑ نے فرمایا" دنیا سے بے نیاز ہو جا، خدا تجھ سے پیار کرے گا"۔ اسی کو استغنا کہتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا"استغنا کی شان مقام دل ہے"۔ ہمارے ماحول میں زاہد اسے سمجھتے ہیں، جو تارک دنیا ہو۔ میلے کچیلے کپڑے پہنے ہو۔ کسی گندی کٹیا میں بسیرا ہو۔ کسی سے سیدھے منہ بات نہ کرے۔ حالانکہ ارشاد نبوی ﷺ کے مطابق زاہد یہ ہے کہ دل غیر اللہ سے بے نیاز ہو جائے۔ چاہئے امیر ہو غریب ہو، اسے دل میں حُبِ الٰہی کا بیج ثمر بار ہوگا۔ چاہئے اسے عبادت و ریاضت، مرحل چلہ کشی کا کوئی موقعہ ہی نہ ملا ہو۔ تخم حُبِ الٰہی اسے دل کی زرخیز زمین کو مالا کر دے گا۔ فرعون کا جبر و قہر ایسے مومن کے ایمان اور اطمینان کو زرا بھی جنبش نہیں دے سکتے۔ اسے سولی پر لٹکانے کا حکم مل جائے تب بھی برملا کہے گا" تو جو کچھ کرنا چاہے کرے، اب مجھے اپنے خدا کی محبت کے سوا کسی کی پرواہ نہیں ہے"۔ دورِ حاضر میں مادہ پرستی نے اکثریت کو دولت کا پجاری بنادیا ہے۔ جس کے نتیجے میں دلوں کے اندر بے اطمینانی ہے۔ حصول سکون کے لئے نشہ آور چیزیں استعمال ہورہی ہیں۔ راتوں کو فطری نیند غائب ہے۔ نیند آور دوائیں استعمال کرکے منصوعی طریقے سے نیند کا سامان پیدا کیا جاتا ہے۔ بجلی کی تیز روشنیوں نے رات کے ستاروں کی جھلملاہٹ اور چاند کے نظاروں کی آیات کے نور سے محروم کردیا ہے۔

ٹیلیویژن نے اہل ایمان کا ٹائم ٹیبل ایسا تلپٹ کیا کہ نہ نماز عشاء باجماعت مقدر ہوتی ہے، نہ مسنون طریقے سے نماز عشاء کے فوراً بعد سونا قسمت میں ہے۔ نہ وقتِ سحر بیداری کو توفیق رہی۔

شب کی آہیں بھی گئیں صبح کے نالے بھی گئے

حضور اکرمؐ نے فرمایا"جو کوئی اللہ کی ملاقات کا آرزومند ہوگا۔ اللہ کو اس سے ملنے کی چاہت ہوگی"۔ خالق کی محبت دل میں جاگزیں ہو تو پھر اسکے رسول ﷺ کی محبت بھی پیدا ہو جاتی ہے۔ جس کی راہنمائی خدا تک رسائی کا ذریعہ ہے۔

ایک رات حضرت عمرؓ رعایا کی خبر گیری کے لئے گشت کرتے کرتے ایک گھر کے پاس سے گزرے جس میں ٹمٹماتا ہوا چراغ جل رہا تھا۔ اندر ایک بڑھیا اون دھنک رہی تھی، ساتھ ساتھ محبت رسول ﷺ کا ترانہ نہایت جوش و خروش سے گا رہی تھی: "موتیں تو بہتیری آتی رہتی ہیں۔ کاش! مجھے معلوم ہو جاتا کہ میرے مرنے کے بعد میرے حبیب و محبوب سے ملاقات ہوگی۔ اور زیارت نصیب ہوگی"۔ یہ ترانہ محبت سن کر حضرت عمرؓ کے قدم وہیں رک گئے۔ دل گرفتہ ہو کر بیٹھ گئے۔ بہت دیر تک یادِ رسول ﷺ میں روتے رہے۔

حضور ﷺ کی نعش مبارک صحابہ کرامؓ دفن کرکے فارغ ہوئے۔ خادم رسول ﷺ حضرت انسؓ سے دختر رسول ﷺ فاطمہؓ بتولؓ نے پوچھا "انسؓ!

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کس حوصلے سے حضور ﷺ کے جسد مبارک پر مٹی ڈال کر آئے"۔ وفات نبیؐ کے بعد حضرت ابو بکرؓ و عمرؓ اور انسؓ حضورؐ کی رضاعی ماں کے ہاں پہنچے تو وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگیں۔ ابو بکرؓ و عمرؓ نے کہا کہ کس لئے روتی ہو۔ حضورؐ کے لئے اللہ کے پاس اس دنیا سے بہتر نعمتیں ہیں۔ خاتون نے کہا بلکل مجھے علم ہے کہ خدا کے ہاں دنیا سے بہت بہتر انعام ہیں۔ مگر میں تو اسی صدمے سے روتی ہوں کہ حضورؐ کے جانے کے بعد آسمانوں سے وحی آنا بند ہو گئی ہے۔ یہ بات سن کر شیخین بھی رونے لگے۔

ایک آدمی حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا کہنے لگا جب مجھے اپنی اور آپؐ کی موت یاد آتی ہے میں پریشان ہو جاتا ہوں۔ آپؐ جنت میں داخل ہونے کے بعد انبیاؑ کے ساتھ اعلیٰ منازل میں ہوں گے۔ مجھے اندیشہ ہے کہ میں جنّت میں آپکی زیارتوں سے محروم نہ ہو جاؤں۔ حضورؐ یہ بات سن کر خاموش ہو گئے۔ تو جبرائیلؑ وحی لے آئے کہ "جو لوگ اللہ اور رسول ﷺ کی اطاعت کریں گے، عملی محبت وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے"۔ حضرت سہلؓ بن عبداللہ کہتے ہیں حُبِ الٰہی کی نشانی حُبِ قرآن، حُبِ قرآن کی علامت نبیؐ، حُبِ نبی کی علامت حُبِ سُنّت، حُبِ سُنّت کی علامت حُبِ آخرت، حُبِ آخرت کی علامت بغضِ دنیا اور بغض دنیا کی علامت یہ ہے کہ دنیا کا ذخیرہ کرنے کے بجائے توشہ آخرت لے کر آخرت تک پہنچ جائے۔

کاش! آج کے اندھے دانش وروں کو آنکھیں نصیب ہوتیں تو رہبر کامل حضور ﷺ کی جامع کمالات شخصیت نظر آجاتی۔ جن کو زندگی میں پاکیزگی ہی پاکیزگی، افکار و کردار کا حسین امتزاج، جن کی حیاتِ مبارکہ سراسر خلقِ خدا کے لئے رحمت ہی رحمت۔ پوری تریسٹھ سالہ زندگی ایسی بے داغ چمکتی چادر کہ کوئی معمولی دھبہ نہ دکھایا جا سکے۔ اس رہبرؐ کامل کے ہوتے ہوئے ادھر اُدھر بھٹکتے پھرنا کیسی بے نصیبی ہے۔

حُبِ رسول ﷺ کا تقاضا ہے کہ آپؐ کی پوری پوری فرمانبرداری کی جائے اور ساری زندگی اسی عہد لا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ مُحَمّد رسول اللّٰہ کی وفا میں گذر جائے۔

حضور ﷺ نے فرمایا: جب ایک مسلمان دوسرے مسلمان سے ملتا ہے، اس کا ہاتھ محبت سے پکڑتا ہے، تو دونوں کے گناہ یوں جھڑتے ہیں، جیسے خشک درخت کے پتے تیز ہوا میں جھڑتے ہیں۔ چاہے دونوں کے گناہ سمندروں کے جھاگ کے برابر ہوں۔ سب معاف ہو جاتے ہیں۔ مومن کی شان گلاب کے شگفتہ و دلکش پھول کی طرح ہے جس شاخ پر مسکرا رہا ہوتا ہے، وہ شاخ کانٹوں سے بھری ہوتی ہے، اسے دوسروں سے زخم پہنچیں تو بھی یہ کسی کو ذرا دکھ نہیں دیتا۔ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا لوگوں سے محبت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کرنا آدھی عقل مندی ہے۔ یعنی دیگر تمام امور حیات کی دانائی ایک طرف اور صرف انسانوں سے محبت عمل ایک طرف۔ حضور ﷺ نے فرمایا مومن سراپا محبت و الفت ہے۔ اس شخص میں کوئی خیر نہیں جو نہ کسی سے الفت رکھتا ہو، نہ کوئی دوسرا اس انس رکھے۔ تمنا ہر فردِ بشر کی یہ ہے کہ لوگ مجھ سے پیار کریں۔ نسخہ نہایت سادہ اور آسان ہے کہ آپ ہر کسی سے پیار کریں، لوگ آپ سے پیار کرنا شروع کردیں گے۔

مگر مومن کی شان صرف یہ ہی نہیں کہ خود صاف دل رہے بلکہ دوسروں کے دل کی صفائی کا اہتمام کرے۔ کسی کو کسی سے غلط فہمی ہے تو اسے رفع کروائے تاکہ سب کے دل ایک دوسرے کے لئے صاف ہوں۔ دل صاف ہوجائیں تو زبان خود بخود صاف ہوجاتی ہے۔ خداوند کریم ہمیں ان ارشادات نبوی ﷺ پر عمل پیرا ہونے کی توفیق نصیب کرے۔

آج ہمارے اڑوس پڑوس میں کتنے مظلوم و مجبور مرد و عورتیں، بچے بوڑھے سِسک رہے ہیں، بلک رہے ہیں۔ کون ہے جو حضور ﷺ کی طرح دوسروں سے دکھ سہہ کر ان کے سکھ کا سامان کرے۔ کون ہے جو دشمن سے پتھر کھاکر انہیں نیک دعائیں دے۔ کون ہے، جو سرِ شام پریشان حال بڑھیا کی سامان اٹھاکر اسے منزل تک پہنچا آئے۔ کون ہے جو ابوبکرؓ کی طرح رات کی تاریکی میں ایک معذور بڑھیا کے گھر کی صفائی کرے۔ کون جو عمرؓ کی طرح راشن اپنے کمر پر اٹھاکر اپنی بیوی کو ساتھ لے کر کسی خانہ بدوش کی مدد کو جا پہنچے۔ کون جو عثمانؓ کی طرح اپنا سارا مال تجارت جہاد میں جھونک دے۔ کون ہے جو علیؓ کی طرح دشمن کے سینے پر بیٹھ کر صرف اس لئے اسے چھوڑ دے کہ اس نے منہ پر تھوک دیا تھا۔ کون ہے جو دخترِ حاتم طائی کو ننگے سر گرفتار دیکھ کر اپنی چادر مبارک سے اسکا سر ڈھانپ دے۔

ہے کوئی آج جو اپنے ملازم کو سواری پر بٹھا کر خود پیدل چلے، ہے کوئی جو مہمان کو کھلا کر خود بھوکا سوجائے۔ ہے کوئی جو اپنے اوپر کوڑا پھینکنے والی کی عیادت کرے۔ ہے کوئی جو غریبوں کی مجلس میں بیٹھ کر ان کی دلجوئی کرے۔ اللہ کی محبت، اس کے رسول ﷺ کی محبت مسلمان بھائی کی محبت، انسانوں کی محبت جو اللہ کی عیال ہیں۔ یہی دل کی زندگی اور قوت کا سامان ہے اور دل کی زندگی ہی اصل زندگی ہے۔

* * *

اُس سے خاموش کلامی کی ہے
بند آنکھوں میں اُسے دیکھا ہے

یاد کے ہاتھوں سے پکڑا ہے اُسے
دل کی باہوں میں اُسے دیکھا ہے

عطا شاد

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہمارا مُطالعاتی دورہ

غفور مُحتاج کلاس تھرڈ ایئر

نومبر ۲۰۰۰ء کی شام چار بجے ہم تربت سے مطالعاتی دورہ کیلئے روانہ ہوئے اور بارہ نومبر، صبح ۹۔۳۰ بجے کراچی چڑیا گھر Garden کا دورہ کیا۔ یہاں ہم نے مختلف قسم کے جانور دیکھے۔ ہم ۶۔۳۰ بجے ریلوے اسٹیشن کی طرف روانہ ہوئے، وہاں پہنچ کر ہم نے ٹرین کی روانگی کا انتظار کیا اور پھر رات ۷۔۲۰ بجے ٹرین کراچی سے پشاور کی طرف روانہ ہوا۔ ۱۳ نومبر کی صبح ۸۔۱۵ بجے سمہ سٹہ اسٹیشن میں ناشتہ کیا۔

شام ۴۔۳۰ بجے کو فیصل آباد پہنچے اور ۴۔۵۰ بجے پھر روانہ ہوئے۔ دو دن بعد ہم پشاور پہنچے اور پشاور یونیورسٹی میں ٹھہرے اور دوسری رات اسلامیہ کالج کے ہال میں قیام کیا اور ۱۵ تاریخ کی صبح کالج کے مختلف ادارے دیکھے۔ لائبریری بھی گئے، اس لائبریری میں ۸۰ ہزار کتابیں موجود تھیں، جن میں ۵۰ ہزار سائنسی کتاب اور ۳۰ ہزار آرٹس کی کتابیں موجود تھیں۔ اس لائبریری میں ۱۱سو سال پرانے نادر و نایاب کتابیں بھی رکھے گئے تھے۔ یہ پاکستان کا سب سے بڑا لائبریری ہے۔ اسلامیہ کالج کا سنگ بنیاد ۱۹۱۳ میں رکھا گیا۔ ۶۔۳۰ بجے ہم لوگ آرمی میوزیم پشاور گئے۔ ۱۶ نومبر اگلے دن صبح ۱۰۔۲۰ بجے ہم علاقہ غیر کی طرف روانہ ہوئے جب ہم درۂ خیبر پہنچے تو وہاں ہمیں یہ بتایا گیا کہ یہاں چار قبائل آباد ہیں (۱) آفریدی (۲) شنواری (۳) ملاگوری (۴) مسلمانی۔ اس کے بعد ہم نے دن کا کھانا علاقہ غیر لنڈی کوتل کے مقام پر کھایا اور وہاں کا دورہ کرنے کے بعد پھر ہم اپنے رہائشی مقام پر آگئے یعنی خیبر یونیورسٹی جو ۱۹۴۲ میں قائم ہوا تھا۔ دوسرے دن ۱۷ نومبر شام ۴ بجکر ۴۵ منٹ پر اسلامیہ کالج کے بس پر سوار ہو کر اسلام آباد کی طرف روانہ ہو گئے۔ چلتے چلتے رات ۸۔۳۰ بجے اسلام آباد پہنچے اور رات کا کھانا مظفر گڑھ ہوٹل میں کھایا۔ رات ہمیں نیشنل ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر ہوٹل میں قیام کیا پھر ۱۹ نومبر صبح ۹ بجکر ۲۵ منٹ پر ہم لوگ گرلز کالج کی بس کے ذریعے مری کی طرف رواجہ ہوئے۔ ۱۱ بجے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

مری پہنچنے کے بعد پھر ہم ۳۵۔۱۱ پر نیو مری پہنچے۔ نیو مری بہت خوبصورت ، سرسبز و شاداب علاقہ ہے۔ وہاں ہم چیئر لفٹ پر سوار ہوئے اور خوب انجوائے کیا۔ پھر وہاں سے ہوتے ہوئے ہم لوگ گرین گارڈن پہنچے وہاں ایک خوبصورت جھیل ہے۔ ۴ بجکر ۴۰ منٹ پر ہم لوگ فیصل مسجد پہنچے جسے بہت خوبصورت انداز سے بنایا گیا ہے۔اس مسجد کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ ویسے تو یہ مسجد سنگ مرمر سے بنایا گیا ہے لیکن دیکھنے میں آئینہ کی مانند تھا اس کے کونے میں سابق صدر ضیاالحق کا قبر بھی ہے۔ شام ۰۰۔۶ بجے فیصل مسجد سے واپس ہوئے ۔ اسلام آباد میں رہائش اور بس کا انتظام وفاقی وزیر تعلیم بانک زبیدہ جلال نے کی تھی (جسکے لئے بہت شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہمارے ساتھ بھر پور تعاون کی تھی)۔ ۲۰ نومبر ۱۰ بجکر ۱۵ منٹ میں ہوسٹل سے روانہ ہوئے اور ۳۰۔۱۰ بجے قائداعظم یونیورسٹی پہنچے قائداعظم یونیورسٹی کا سنگ بنیاد جنرل آغا یحیی خان نے ۱۵ اکتوبر ۱۹۷۱ کو رکھا تھا۔ جو اسلام آباد میں ہے ایک بجکر ۳۰ منٹ پر موٹروے کے پہلے اسٹاپ پر پہنچے جس کے دونوں طرف سرسبز وشاداب باغات لگے ہوئے تھے تھوڑی دیر بعد منڈی بہاول دین آیا اور اس کے بعد مالٹے کے خوبصورت باغات شروع ہوئے۔ ۶ بجکر دس منٹ پر دریائے چناب پہنچے، پھر چلتے چلتے گاڑی کے بریک خراب ہوئے اور گاڑی کے بریک ٹھیک کرنے کیلئے قریب ہی شہر پنڈی بھٹیاں ہی میں گاڑی کے بریک بنائے اور پھر موٹروے پر سفر شروع کیا۔ ۱۰ بجکر ۱۲ منٹ پر گاڑی پھر سے خراب ہو گیا اور ڈرائیور لاہور میں مستری لانے گیا اور ہم نے یہاں ساری رات گاڑی میں گزاری۔ صبح ۶ بجے مستری نے گاڑی ٹھیک کر دیا۔ چلتے چلتے ہم ۸ بجکر ۱۰ منٹ پر لاہور پہنچے وہاں ہم نے پنجاب یونیورسٹی کے حضرت عمر ہال میں قیام کیا ۲۲ نومبر کی صبح ۱۱ بجے ہم انار کلی بازار گئے وہاں ہم نے خوب انجوائے کیا اور کچھ چیزیں بھی خریدیں اور اس کے بعد لاہور کے عجائب گھر گئے۔ فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نشان پاکستان صدر مملکت نے بروز منگل مورخہ ۲۸ نومبر ۱۹۶۷ء کو اس عجائب گھر کا افتتاح کیا تھا اس عجائب گھر میں ہاتھی کے دانت سکھوں کا مذہبی کتاب، دربار صاحب کا ماڈل بہت پرانے ہتھیار اور راجہ رنجیت سنگھ کے استعمال کے کپڑے بھی موجود ہیں۔ شاکر اکبر عید کے مسجد کا کتبہ ۹۷۶ء اور بہت سے پرانی اشیا اس عجائب گھر میں موجود ہیں۔ ہم پھر بادشاہی مسجد گئے وہاں ہم نے باشاہی مسجد کو دیکھا پھر شاہی قلعے کا سیر کیا پھر بعد میں مینار پاکستان کا دورہ کیا جو کہ بہت ہی خوبصورت تھی۔ وہاں ہم نے انجوائے خوب کیا۔ اور بعد میں ہم نے علامہ اقبال کے مزار پر حاضری دی جس کے ارد گرد قالین بچائے گئے تھے اور یہ مزار سنگِ مرمر سے بنایا گیا تھا ہم نے شیش محل بھی دیکھا جس کے چاروں طرف شیشے لگے ہوئے تھے پھر یہاں سے ہم یک

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہوٹل میں گئے اور کھانا کھایا پھر ۴ بجکر ۳۵ منٹ پر ریس کورس پارک پہنچے اس پارک کے اندر ورزش اور کُشتی کے اوزار بھی موجود ہیں اس پارک کے اندر پڑھنے کا جگہ بھی ہے۔ جب ہم پارک سے واپس نکل رہے تھے تو ہلکی سی بارش ہو رہی تھی اور ۶ بجکر ۱۵ منٹ پر گلشن پارک پہنچے ہم نے اس پارک میں خوب انجوائے کیا۔ جھولے اور بہت سی چیزوں سے مزہ اٹھایا ۷ بجکر ۵ منٹ پر ہم سوار ہو کر ساڑھے ۷ بجے ہاسٹل پہنچے اور رات کو ۱۰ بجے لبرٹی مارکیٹ دیکھنے گئے۔

۲۴ نومبر کی صبح ۸ بجے ہم لوگ ہوسٹل سے روانہ ہوئے اور ۹ بجے چڑیا گھر پہنچے چڑیا گھر میں نے بہت سے جانور دیکھے اور وہاں سے واپس نکل کر پونے دس بجے ہم شالامار باغ پہنچے یہ باغ شاہ جہاں نے تعمیر کیا تھا اس کی تعمیر ۳ ربیع الاول ۱۰۵۱ء شروع ہو کر ایک سال پانچ ماہ میں مکمل ہوا اس کا رقبہ تقریباً چالیس ایکڑ ہے اس میں بہت سے درخت لگائے گئے ہیں پھر یہاں سے ہم سوزو پارک گئے جتنی رونق میں نے اس پارک میں دیکھا میں نے کہیں اور نہیں دیکھا تھا اس پارک کے اندر جانے کا ٹکٹ ۸۵ روپیہ ہے۔ اور اس سوزو پارک کے اندر جتنے بھی شیا ہیں اس میں مفت سوار ہو جائیں سوا دو کو ہم سوزو پارک سے واپس آگئے اور دن کا کھانا ہم نے جی ٹی ہوٹل میں کھایا۔ انڈیا اور پاکستان کے بارڈر پر گئے۔ سلامی میں پاکستان اور انڈیا کے جنڈے اتارے گئے اور گیٹ بند ہو گئے سوا ۵ بجے ہم بارڈر سے واپس ہو گئے۔ ۲۵ نومبر کی صبح ۸ بجکر ۳۰ منٹ پر فیصل آباد روانہ ہوئے ۹ بجکر ۴۰ منٹ پر شیخوپورہ پہنچے پھر اپنا سفر جاری کرتے ہوئے ۱۲ بجے ہم فیصل آباد پہنچے ایگریکلچر یونیورسٹی گئے اقبال آڈیٹوریم زرعی یونیورسٹی کا افتتاح جناب لیفٹیننٹ جنرل سوار خان نے بروز بدھ ۴ اپریل ۱۹۷۹ء میں کیا تھا سوار خان گورنر پنجاب بھی رہ چکے ہیں۔ یہ یونیورسٹی ۱۹۰۶ء میں قائم ہوئی ۱۹۶۲ء میں اسے یونیورسٹی کا درجہ ملا۔ اس کے لائبریری میں دو لاکھ کے قریب کتابیں ہیں جس میں ۱۸ سو طلباء کے بیٹھنے کی گنجائش ہے یہ بہت بڑی خوبصورت لائبریری ہے اس میں تقریباً ۸۰ کے قریب کمپیوٹر کے حصے موجود ہیں۔ اکثر کمپیوٹر سے کتابیں پڑھتے ہیں پھر یہاں سے واپس فیصل آباد کے بازار گھنٹہ چوک گئے وہاں ہم نے شاپنگ کیا کپڑے (کھدر کاٹن) لئے اور ۶ بجکر ۴۵ منٹ پر ہم وہاں سے روانہ ہوئے ۱۰ بجکر ۴۰ منٹ پر ہم لوگ لاہور پہنچے۔

۲۶ نومبر کی صبح ۹ بجے ہم لوگ اردو بازار گئے اس کے بعد شام ۶ بجے ہم لوگ قذافی اسٹیڈیم گئے پھر وہاں سے آکر ہم ہوسٹل پہنچے۔ اور سارے سامان لئے ۷ بجے ہوسٹل سے نکل کر ریلوے اسٹیشن کی طرف روانہ ہوئے ۹ بجے ہم لوگ اسٹیشن پہنچے ۱۰ بجکر ۱۵ منٹ پر ہم لوگ ٹرین پر سوار ہو کر کراچی کی طرف روانہ ہوئے ۲۷ نومبر کی صبح ۸ بجکر ۱۵ منٹ پر رحیم یار خان

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پہنچے سوا دو بجے ہم لوگ نواب شاہ پہنچے پونے چار بجے ہم لوگ ٹنڈو آدم پہنچے ۴ بجکر ۲۵ منٹ پر ٹرین کینٹ اسٹیشن کراچی پہنچا وہاں ہم لوگوں نے اپنے سامان لے کر ایک بس پکڑی اور سوار ہو کر پھر عمر لین لائبریری ہال لیاری پہنچے یہ رمضان المبارک کی پہلی رات تھی ہم نے وہاں رات گزاری ۲۸ نومبر یک رمضان کی صبح دس بجے ہم لوگ کلفٹن آگئے ساڑھے تین بجے ہم لوگوں نے اپنے شہر تربت جانے کا انتظام کیا ۴ بجکر ۴۵ منٹ پر بس کراچی سے روانہ ہو گئی اور دوسرے دن ۲۹ نومبر کو ہم لوگ بخیریت تربت پہنچے۔

چار آدمیوں کا ایک ہی جھگڑا

"تم خود کو پہچانو"

"پھر میں تم کو جانوں"

"کون ہو تم؟"

"اور میں ہوں کون!"

"کون کسے پہچانے"

جانے

جانے دد

عطا شاد

معلوماتِ اقبال

☆ شاعر مشرق اور حکیم الامت علامہ اقبال کو کہتے ہیں۔

☆ علامہ اقبال کے والد محترم کا نام شیخ نور محمد تھا۔

☆ علامہ اقبال کی والدہ محترمہ کا نام امام بی بی تھا۔

☆ علامہ اقبال کے دادا جان کا نام شیخ محمد رفیق تھا۔

☆ علامہ اقبال کے چچا کا نام شیخ غلام محمد تھا۔

☆ علامہ اقبال کے سسر کا نام ڈاکٹر عطا محمد خان تھا۔

☆ علامہ اقبال کے اکلوتے بھائی کا نام شیخ عطا محمد تھا۔

☆ علامہ اقبال کی بیٹی کا نام معراج بیگم تھی۔

☆ علامہ اقبال کے قریبی دوست کا نام مولوی میر حسن کے بیٹے سید محمد تقی تھا۔

☆ علامہ اقبال کی کتاب "پیام مشرق" کا پورا نام "پیام مشرق (در جواب دیوانِ شاعر المانوی گوئیٹے" ہے۔

☆ علامہ اقبال کی آخری کتاب کا نام "ارمغان حجاز" ہے۔

☆ علامہ اقبال کو ۹ بجکر ۴۵ منٹ پر بوقت شب قبر میں اتارا گیا۔

سجاد حبیب جوسکی (کیچ)

گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج تربت

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

بچوں کی شخصیت پر والدین کے اثرات

اسماء شمیم
لکچرار ہوم اکنامکس

بچے کی زندگی بالعموم والدین کی زندگیوں کا مرقع ہوتی ہے وہ اپنی زندگی کے ابتدائی تجربات والدین اور خصوصاً ماں کے توسط سے حاصل کرتا ہے لہذا ماں کی گود بچے کی ابتدائی تربیت گاہ ہے اور یہ ایسی درس گاہ ہے کہ یہاں کا سیکھا ہوا ذہن و قلب پر پتھر کے نقش سے بھی زیادہ دیرپا ہوتا ہے اور ساری عمر نہیں بھولتا یہیں سے وہ مختلف عادات و اطوار اور اوصاف و اقدار سیکھتا ہے اور یہیں سے کردار کی بنیاد (Fundamental behaviour) کا تعین ہوتا ہے۔ اگر بچے کو باپ کی قربت حاصل ہو جائے یہ قربت اس کی عملی اور سماجی زندگی کی بنیاد استوار کرتی ہے۔ بچہ زندگی کے اوائل میں جس طرز حیات کا تعین کرلیتا ہے یعنی وہ ماحول سے کچھ لیتا ہے یہ تمام چیزیں زندگی بھر کیلئے ناقابل تسخیر بن جاتی ہیں اور وہ اس کے مطابق اپنی آئندہ زندگی بسر کرتا ہے یعنی والدین کا رویہ اور تعلقات بچے کی زندگی میں نمایاں اہمیت کے حامل ہیں۔

گھریلو تربیت بچوں کی کردار سازی میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے تین برس کی عمر تک بچے کی جذباتی زندگی کی بنیاد تقریباً مکمل طور پر مضبوط ہو جاتی ہے اس عمر میں والدین جس انداز میں چاہیں بچوں کو ڈھال لیں یعنی یہ وہ عمر ہے کہ اگر والدین چاہیں تو بچے کو متوازن شخصیت والا، نڈر، اور خوددار بنائیں۔ یا ایک کم اہمیت وہمی اور بزدل نوجوان بنالیں۔

والدین کے غلط رویے بچے کے دل میں گھر کرلیتے ہیں جو کہ آئندہ زندگی میں مسرت، مطابقت، توازن اور کامیابی کے امکان کو کم کردیتے ہیں ایسے بچے بڑے ہو کر ذہنی خوف کی بیماریوں کا شکار رہتے ہیں لہذا گھر کا ماحول بہتر رکھنا بچے کی متوازن شخصیت کی نشو و نما کیلئے ناگزیر ہے۔ بچوں کو ماحول سے متعلق معلومات میں اضافہ کرکے ان میں اعتماد اور یقین پیدا کرنا ماں باپ کی ذمہ داری ہے۔

یہ تمام باتیں اس بات کی طرف راغب کرتی ہیں کہ بچے اور والدین کے تعلقات، والدین کا رویہ بچے کی شخصیت کو بگاڑنے اور بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ لہذا والدین کو چاہیے کہ وہ متوازن ماحول میں صحت مند خطوط پر بچوں کی معاشرتی اور نفسیاتی تربیت کریں تاکہ معاشرے میں بچے خود کچھ کرنے کے لائق ہو سکیں۔

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

غزل

رہِ وفا میں بے اختیار کیوں ہوتے ہیں
اہلِ دل ستم شعار کیوں ہوتے ہیں

دیکھا پہلو میں رقیب تو سمجھ میں آیا
ہر پھول کے پاس خار کیوں ہوتے ہیں

جانے کب بھاگے ساتھ چلنے والے سب
مطلبی آج کل یار کیوں ہوتے ہیں

میرے غم تو شماریاں نہیں ہوتے
جانے ان کے غم شمار کیوں ہوتے ہیں

کسی کو دیکھ کر ہنسی خوشی باقرؔ
شہر کے لوگ بے قرار کیوں ہوتے ہیں

باقر علی شاکر
لکچرار اردو

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

غزل

حسن فطرت کا دیکھنا اچھا
بادلوں کی پانی سے بھیگنا اچھا

ہے تصرفِ حسن شمار عبادت
فطرت میں خدائی دیکھنا اچھا

ہوتی ہیں اداؤں سے خوبی بیان
نظاروں سے رشتہ جوڑنا اچھا

کرتے ہیں نظارے سب لیکن
ہستی ہوئی کلی کو دیکھنا اچھا

زمانے میں ہے دوستی سے اک نہ اک غرض
بدلتی نگاہوں سے منہ موڑنا اچھا

کرتا ہوں روز دعا لیکن امانؔ
ان کی نظرِ بد سے بچنا اچھا

امان اللہ زہری
لیکچرار باٹنی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

نیوٹن نامہ

گھرام جت
فرسٹ ایئر پری میڈیکل

دوستو! نیوٹن کون ہے؟ یہ تو سب کو پتہ ہو گا۔ لیکن یہاں ایک سوال اٹھتا ہے، جو مجھے ستا رہا ہے وہ یہ کہ اگر نیوٹن نہیں ہوتا تو کیا ہوتا؟؟

نیوٹن نہ ہوتا...... تو...... تو...... وہی ہوتا جو منظورِ خدا ہوتا۔ لیکن ایک بات ہے کہ اگر نیوٹن نہیں ہوتا تو ثقل کا قانون ہی نہیں ہوتا۔ فزکس نہیں ہوتی۔ اگر ہوتی بھی تو آدھی رہ جاتی، ہمارے کورس کے کتاب لمبے نہ ہوتے، امتحان میں سوال کم آتے، نقل میں بھی آسانی رہتی اور نیوٹن کے قوانین کو دیکھ کر جن سائنسدانوں نے کئی اور قوانین بنائے وہ بھی شاید نہ ہوتے۔ لیکن یہ گارنٹی بھی نہیں کہ اگر نیوٹن پیدا نہیں ہوتا تو اس کی برادری میں سے کوئی اور پیدا ہوتا۔ ہو سکتا ہے کہ نیوٹن کے بدلے پیوٹن ہوتا اور وہ بھی سیب یا آم کے گرنے سے کوئی قانون بنالیتا۔ ویسے اگر نیوٹن پیدا نہیں ہوتا تو شاید ہمیں بھی ایک آدھ چانس مل جاتا۔ اور نیوٹن کے بدلے محمد خان، نور زمان، یا شیر زمان، عبدالمنان یا کسی اور خان مان کا قانون ہوتا۔ لیکن کیا کروں، میں اگر وگر کے چکر میں نہیں پھنسنا چاہتا۔ جبکہ منٹو (سعادت حسن) نے بھی اگر وگر پر اعتراض کرتے ہوئے کہا تھا کہ اس کے چکر میں پھنسا جائے تو دنیا کی تاریخ آدھی کی آدھی رہ جائے گی۔

خیر اب چھوڑیئے ان سب باتوں کو ختم نہیں کریں گے تو بڑھتے ہی جائیں گے۔ اب آتے ہیں نیوٹن کہ قوانین کی طرف جنہیں بیان کرنے کیلئے ہمت و طاقت کی ضرورت ہے۔ خدا ہمیں ہمت دے۔

کہتے ہیں کہ سائنسدانوں کے چہیتے نیوٹن صاحب غالباً سیب کے درخت کے نیچے بیٹھے ہوئے تھے کہ اچانک ایک سیب درخت سے نیچے گر پڑا۔ یعنی درخت سے گرا نیوٹن کے گود میں اٹکا۔ اب نیوٹن صاحب کی باچھیں کھل گئیں اور وہ سوچنے لگے کہ یہ سیب اوپر نیچے یا پھر ادھر اُدھر کیوں نہیں گئی؟ لیکن اب انہیں کون سمجھائے کہ سیب نیچے نہیں آتی تو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کہاں جاتی۔ وہ کہیں آجا بھی نہیں سکتی۔ مجبوری میں زمین پر ہی گری۔ خیر یہ ہوئی نیوٹن کی پہلی سیڑھی یعنی کشش ثقل کا قانون۔ آگے جا کر نیوٹن نے کیا کیا یہ تو سب کو پتہ ہے۔ لیکن میں وقت نہیں گزارتا کہ سیب کہاں سے آئی، کدھر گئی؟ بلکہ وہ سیدھا اس باغ کا مالک بن جاتا۔ خیر اپنی اپنی قسمت۔ نیوٹن کے قوانین کو دیکھ کر لگتا ہے کہ وہ بے روزگار تھا۔ اس لئے ٹائم پاس کرنے کے لئے اس نے ساری زندگی مغزماری کی اور قوانین بنائے۔ ویسے بھی ان قوانین کو بنانا اور انہیں ترتیب دینے کے لئے ان کا وقت اچھا خاصا گزرتا تھا۔ اب ذرا نیوٹن کے قوانین پر غور کیجیے گا۔ اپنے پہلے قانون میں نیوٹن ایک مثال دیکر کہتا ہے کہ ایک فٹبال کو کک ماری جائے تو وہ ہمیشہ اپنی یہ حرکت جاری رکھے گی۔ "اگر" اس پر ہوا کی مزاحمت، زمین کی رگڑ اور کشش ثقل اثر انداز نہ ہوں تو۔ نیوٹن کا یہ قانون دیکھنے میں کمزور لگتا ہے کیونکہ اس میں کئی شرائط عائد کر کے کہا گیا ہے کہ اگر یہ ہوتا تو وہ ہوتا۔ اگر وہ ہوتا تو یہ ہوتا۔ بے چارے نے اتنی شرطیں عائد کر دیں کہ ہمارے ہاں شادیوں میں بھی اس کا رواج نہیں۔ ویسے ہمارا مشورہ ہے کہ فٹبال کو کِک مارو ہی نہیں۔ تاکہ مزاحمت، کشش، رگڑ، کچھ بھی نہ رہے۔ کیونکہ نہ رہے گا بانس نہ بجے گی بانسری۔

نیوٹن صاحب بھی کیا عجیب آدمی تھے جو اپنے تمام قوانین "جو یوں ہوتا تو کیا ہوتا" کے اصول کے تحت بنا گئے۔ اپنے آپ کو غالب سمجھتے تھے۔ لیکن ہم بھی ان سے کم نہیں۔ اینٹ کا جواب پتھر سے دیں گے۔ مندرجہ ذیل مثالوں پر غور کریں مگر ان میں کچھ شرطیں ہیں، جیسا کہ: گاڑی چلے گی ہی نہیں بشرطیکہ انجن نکال لی جائے۔ کھانا پکے گا ہی نہیں بشرطیکہ چولہا جلایا نہ جائے۔ خان صاحب کام کریں گے ہی نہیں بشرطیکہ انہیں نسوار نہ ملے۔ لیکن روزمرہ کی چند مثالیں ہیں جو نیوٹن کے قانون کی حمایت کرتے ہیں۔ مثلاً دفتروں میں فائلیں تب تک گھومتی رہیں گی جب تک کہ کوئی بیرونی قوت انہیں روک نہ دے۔

دوسری طرف نیوٹن یہ کہتا ہے کہ اگر ایک گولے کو شیشے پر حرکت دی جائے تو وہ زیادہ فاصلہ طے کرے گی جبکہ کھردری سطح پر اتنی ہی کم فاصلہ طے کرے گی۔ یہ تو سب کو معلوم۔ ایک اور مثال میں نیوٹن کہتے ہیں کہ اگر ایک کتاب میز پر رکھی ہو تو وہ تب تک اپنی جگہ پر رہے گی جب تک کہ کوئی اسے ہٹا نہ لے۔ یہ بھی سب کو معلوم ہے کہ اگر کوئی اسے نہ اٹھائے تو وہ صدیوں تک وہیں رہے گی۔ اس معمولی سی بات کے لئے قانون بنانے کی ضرورت تھی۔ خیر نیوٹن کی مرضی نیوٹن کو دوسرے قانون کا ذکر کرنا فضول ہوگا، مفت میں مضمون بھی لمبا ہو جائے گا اور ویسے ہماری سمجھ میں بھی نہیں آیا۔ پیچیدہ قانون ہے، اسراع، وغیرہ کا ذکر ہے۔ اس لیے اب میں تیسرے قانون کا ذکر کرنا چاہوں گا جیسے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

آزمانے کے لیے ہم نے ایک تجربہ کیا جو اس قانون کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ ہوا یوں کہ ہم نے ایکشن کے طور پر ایک آدمی کو آہستہ سے تھپڑ مارا لیکن اس نے اس زور سے ری ایکشن کیا کہ ہم نے فزکس پڑھنا اور نیوٹن پر بھروسہ کرنا چھوڑ دیا۔ اس تجربے کے بعد ہم نے یہ نتیجہ اخذ کیا کہ "عمل تو بہت کم ہی ہوتا ہے لیکن اگر ہوتا ہے تو اس کا ردعمل اس قدر شدید ہوتا ہے کہ برداشت سے باہر یعنی عمل اور ردِ عمل مخالف تو ہوتے ہیں مگر برابر نہیں۔

مندرجہ بالا مثال پڑھکر آپ یہ سوچتے ہوں گے کہ نیوٹن کے قوانین سے تو بہتر ہے کہ ہمیں کسی ناصح شاعر کی کلام سنا دیجئے۔ ویسے نصیحتیں سننے کی ہماری عادت تو نہین مگر نیوٹن کے مقابلے میں ان کو ہی ترجیح دینگے، یا پھر کلاسیکل موسیقی ہی سنا دیں۔ میں تو کہتا ہوں کہ ہمیں نبی بخش اور اللہ بخش کے قوانین ہی سنا دیں مگر نیوٹن کو رہنے دیں۔ لیکن کیا کریں ہمیں امتحان بھی تو دینا ہے۔ نیوٹن کے قوانین سے، اللہ بخش اور نبی بخش کے قوانین سے نہیں۔

ویسے تو میں اگر وگر کے چکر میں نہیں پھنسنا چاہتا تھا مگر کیا کروں اس کے بغیر کوئی مضمون مکمل ہی نہیں ہوتا۔ خیر اب میں اپنا مضمون ختم کرتے ہوئے کہنا چاہوں گا کہ اگر اس مضمون کو پڑھکر نیوٹن کے چاہنے والوں، پڑھنے والوں، اس کی برادری والوں یا پھر ان کی روح کو تکلیف پہنچی ہو تو معافی چاہتا ہوں۔ لیکن .... اگر ....۔

یہ آتے جاتے سال

ہماناز (لیکچرار)

☆ کوئی کوئی سال ہماری زندگی میں ایسا بھی آتا ہے کہ جب اس کے ختم ہونے پر دل شدت سے یہ خواہش کرتا ہے کہ کاش اس گزرے سال کا بھی کوئی قفل ہوتا کوئی چابی ہوا کرتی کہ جس سے اس گزرے سال کو یوں مقفل کر سکتے کہ پھر کبھی مڑ کر اس میں نہ جھانک سکیں۔

☆ ہم لوگ ہر بار نئے سال کا استقبال اتنی امیدوں، اتنی دعاؤں کے ساتھ کرتے ہیں کہ جب جاتے جاتے یہ سال چپکے سے مزید کانٹے دکھ اور ملال ہمارے دامن میں ڈال جاتا ہے تو تب ہماری حیرت انتہا پر کھڑی ہوتی ہے کہ آخر ہماری ساری دعائیں کہاں جا سوئیں۔

☆ یوں تو لمحے گزرتے محسوس بھی نہیں ہوتے مگر کچھ لمحے ہماری زندگی میں یوں ٹھہر جاتے ہیں کہ ہزار کوشش لاکھ سعی پر بھی کھسکتے ہیں نہیں، سرکتے ہیں نہیں۔

☆ کبھی ایسا بھی تو ہوتا ہے کہ اپنے لیے دعا کرنے کو ہاتھ اٹھائیں تو کوئی دعا ہی نہ ملے مانگنے کو۔ ہاں ایسا تب ہی ہوتا ہے جب دل کو یہ یقین ہو جاتا ہے کہ اب اس دنیا میں ہمارے لیے کوئی بھی نہیں کچھ بھی نہیں۔

☆ یہ ہر پل گزرتے لمحے بھی عجیب ہوتے ہیں کہ کچھ لمحے تو ہمارے دل کو اس کی گنجائش سے بھی زیادہ بھر ڈالتے ہیں اک لمحے میں غنی کر دیتے ہیں۔

☆ مگر کچھ لمحے چپکے سے آتے ہیں اور یوں گزرتے ہیں کہ سب کچھ ساتھ لے جاتے ہیں، ہمیں یوں تہی داماں تہی دست کر دیتے ہیں کہ پھر دور دور تک کچھ بھی دکھائی نہیں دیتا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہمارا معاشرہ اور عورت

تحریر: گل افروز سعید کلاس بی اے

عورت ایک عظیم اور حسین ہستی ہے۔ وہ ماں کے روپ میں محبت و شفقت کا پیکر ہے، بہن کے روپ میں پاکیزہ محبت کی مثال ہے، بیوی کے روپ میں معاون و مددگار ہے اور بیٹی کے روپ میں عزت و وقار کا نشان ہے۔

ہمارے معاشرے میں یہ عظیم ہستی ہر دور میں امتیازی سلوک، ناخواندگی، بیماری، ظلم و ستم اور جسمانی و ذہنی تشدد کا شکار رہی ہے۔ آج کے جدید اور سائنس و ٹیکنالوجی کے دور میں بھی وہ رسم و رواج کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی ہے اور تعلیمی، فنی، سیاسی، ثقافتی اور اقتصادی میدانوں میں بہت پیچھے ہے۔

عورت کے حقوق پامال کرنے والا، اسے تشدد کا نشانہ بنانے والا اور ذہنی و جسمانی طور پر مفلوج کرنے والا اس کے دودھ پر پرورش پانے والا "مرد" ہے۔ مرد یہ بات بھول جاتا ہے کہ اسے زندگی کے ہر کام اور ہر دکھ سکھ میں عورت کی مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔

ہمارے معاشرے میں عورت پر پیدا ہو
سے لیکر مرتے دم تک مرد ہی حکمرانی ہوتی ہے۔ جب
وہ اپنے باپ کے گھر آنکھ کھولتی ہے تو باپ اسی وقت
اپنی ناراضگی کا اظہار کرتا ہے اور بیٹی کو ایک پر
دھن اور بوجھ سمجھنے لگتا ہے حالانکہ یہی بیٹی گھر ک
سارا کام کاج کرنا، باپ بھائی کی خدمت کرنا اور ان کا
حکم ماننا اپنا اولین فرض سمجھتی ہے لیکن پھر بھی شرو
سے اس کے ذہن میں یہ بٹھایا جاتا ہے کہ والدین کا گھ
اس کا نہیں ہے، یہاں صرف باپ اور بھائی کا راج ہو
ہے اور وہ اپنی مرضی سے یہاں کچھ نہیں کر سکتی، ن
اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکتی ہے، نہ سیر و تفریح کے ل
جا سکتی ہے اور نہ ہی رفیق حیات کے انتخاب میں اپ
رائے کا اظہار کر سکتی ہے۔ پھر وہ اپنے یعنی شوہر ک
گھر کا خواب دیکھتی ہے کہ وہاں جا کر وہ اپنی مرض
سے زندگی گزارے گی لیکن جب وہ اپنے شوہر کے گھ
آتی ہے تو یہاں بھی اس کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی بلک
پابندیاں اور بھی زیادہ ہو جاتی ہیں۔ وہ اپنے شوہر ک

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سر تاج سمجھتی ہے اور شوہر اسے پیر کی جوتی سمجھتا ہے۔ اسے گھر کے کسی معاملے میں عمل دخل یا فیصلہ کرنے کی اجازت نہیں ملتی اور اسے ہر کام شوہر کے حکم پر کرنا پڑتی ہے۔ پھر وہ اس امید پر جیتی ہے کہ شاید بیٹے کے گھر میں سکون سے رہ سکونگی لیکن یہ اس کی بھول ہوتی ہے کیونکہ بیٹا بھی ایک مرد ہوتا ہے اور وہ اپنی ماں کو گھر کی مالکن نہیں بنا سکتا ہے۔ اس طرح عورت کے سارے خواب چکنا چور ہو جاتے ہیں، اس کی ذہنی صلاحیت ختم ہوتی ہے اور اس کی زندگی ایک دردناک کہانی بن جاتی ہے۔

ہمارے معاشرے مین کوئی ایسی عورت نہیں جسے مرد کے ہاتھوں اذیتیں نہ اٹھانی پڑی ہوں، کہیں اسے بیٹی پیدا کرنے پر سزا دی جاتی ہے، کہیں اسے کم جہیز لانے پر جلایا جاتا ہے، تو کہیں بانجھ پن کی وجہ سے طلاق دی جاتی ہے۔ حالانکہ ان حالات میں قصور صرف عورت کا نہیں بلکہ اس میں مرد بھی برابر کا شریک ہوتا ہے لیکن سزا صرف عورت کو بھگتنا پڑتی ہے۔

عورت کے صبر و تحمل کو داد دینی چاہیئے کہ وہ ان تمام تکالیف اور تشدد کو زندگی بھر برداشت تو کرتی ہے لیکن مرد کے خلاف کبھی کچھ نہیں بولتی بلکہ اس کے ہر حکم کو پورا کرنا اپنا فرض سمجھتی ہے لیکن اس کے باوجود مرد کو اس کے کسی دکھ، درد یا تکلیف کا احساس ہی نہیں، وہ عورت کو عورت نہیں بلکہ گھر کی نوکرانی یا اپنے سے کم تر سمجھتا ہے، وہ عورت کو ذہنی یا جسمانی اذیت دے کر خوش ہوتا ہے۔ ایسا کیوں ہے؟ مرد ایسا کیوں کرتے ہیں؟ در اصل مرد عورت کی خاموشی کا ناجائز فائدہ اٹھاتا ہے۔

آج ہمارے معاشرے میں یہ بگاڑ اور انتشار اس لئے برپا ہے کہ یہاں مرد عورت کے ساتھ تعاون نہیں کرتا، اس کے جذبات واحساسات کا خیال نہیں رکھتا اور اس کے دکھ درد میں اس کا شریک نہیں بنتا بلکہ ہر وقت اس کی مخالفت اور اس کی راہ میں رکاوٹ بننے کی کوشش کرتا ہے۔ عورت کے حقوق کی علمبردار مرد تو بہت ہیں لیکن عملی طور پر کام کرنے والا کوئی نہیں ہے۔ آج تک کسی بھی مرد نے عورت کی فلاح و بہبود کیلئے کوئی قابل فخر کارنامہ سر انجام نہیں دیا اور نہ ہی آئندہ دیگا۔

اب عورت کو اپنے لئے خود کچھ کرنی ہوگی۔ سب سے پہلے اسے اپنی خواندگی کی شرح کو بڑھانا ہوگا کیونکہ جب عورت تعلیم یافتہ ہوگی تو اسے اپنے حقوق کے بارے میں آگاہی ہوگی۔ اور وہ کسی بھی امتیازی سلوک، گھریلو تشدد، اور تحقیر آمیز رویے کو برداشت نہیں کریگی اور ایک پر سکون اور خوش گوار معاشرے میں اپنی زندگی بہتر طریقے سے گزارے گی لیکن یہ افسوس کا مقام ہے کہ آج کے دور میں تعلیم عورت کی دسترس سے بہت دور ہے۔ تعلیم اتنی مہنگی ہو چکی ہے کہ ایک غریب عورت کیلئے اعلیٰ تعلیم حاصل کرنا صرف خواب بن کر رہ گیا ہے۔

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

خوشبو بھری باتیں

خالدہ امام بلوچ
بی ایس سی فائنل گرلز کالج

* تنہائی میں ذہنی صلاحتیں بیدار ہو جاتی ہیں۔
* آدمی کے کردار کا جتنا صحیح اندازہ آواز سے لگایا جا سکتا ہے اور کسی چیز سے نہیں۔
* آدمی اس وقت تک انسان نہیں بن سکتا جب تک تعلیم یافتہ نہ ہو جائے۔
* چاہے آپ برف کی طرح صاف اور شفاف ہوں تہمت سے نہیں بچ سکتے۔
* پیسہ جب بولتا ہے تو سچائی خاموش ہو جاتی ہے۔

اگر چاہتے ہو :-

- ابتدا کرنا چاہتے ہو تو اللہ کے نام سے کرو۔
- ڈرنا چاہتے ہو تو خدا سے ڈرو۔
- اگر خدمت کرنا چاہتے ہو تو والدین کی کرو۔
- بولنا چاہتے ہو تو سچ بولو۔
- کوشش کرنا چاہتے ہو تو علم حاصل کرو۔
- ہمدردی کرنا چاہتے ہو تو غریبوں سے کرو۔
- بچنا چاہتے ہو تو جھوٹ سے بچو۔

باتوں سے خوشبو آئے :

★ دشمن سے غافل رہنا، دشمن کو خود پر حملہ ک دعوت دینا ہے

★ ان کو وفادار نہ مانو جو آپکی ہر قول وفعل کی تعریف کریں

★ عورت صرف اس راز کو پوشیدہ رکھتی ہے ج اسے علم نہیں ہوتا

★ ہوا میں قلعے بنانے سے بہتر ہے کہ زمین جھونپڑا بناؤ

★ ہر انسان آئینہ غور سے دیکھتا ہے اور ہر انس آئینے کی سچ پر شبہ کرتا ہے

شکوہ

خدا سے نہ کرو گناہ گار ہو گے۔
سماج سے نہ کرو سُن نہیں سکتی۔
اپنے آپ سے نہ کرو دیوانے کہلاؤ گے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہر دل عزیزی کا گُر

محمد کریم سیف (بی ایس سی)

کامیابی کی لیاقت کا اندازہ صرف دماغی قابلیت سے نہیں لگانا چاہیے بلکہ دوسروں کو اپنی طرف راغب کرنے کی طاقت بھی کامیابی کی ایک خوبی ہے۔ آدمی کی شکل صورت، اسکے طرز و اطوار، اسکی شخصیت، دوست بنانے اور بنائے رکھنے کی قابلیت یہ تمام باتیں اسکی کامیابی کے جزو ہیں۔

ہر دلعزیزی کا یہ بڑا راز ہے کہ جس شخص سے تم ملو اسکو یہ محسوس کرا دو کہ تم کو خاص کر اسکی بہتری کا خیال ہے۔ مگر شرط یہ ہے کہ آپ کے خیالات سچے ہوں آپ مخلص ہوں تو سمجھ لو کہ آپ ہر دلعزیز بننے میں دیر نہیں لگاتے۔ لیکن اسکے بر خلاف اگر تم سرد مہر، بے پروا، چپ گپ اور خود غرض ہو تو آپ کبھی بھی ہر دلعزیز نہیں بن سکتے۔

دوسروں کی باتین سننا بھی بذات خود ایک نفیس ہنر ہے اگر کوئی شخص تم سے باتیں کر رہا ہو اور تم اسکی باتوں کو غور سے سنتے ہوئے دلچسپی لیتے ہو تو اس شخص کو بڑی خوشی ہوتی ہے۔ ہر دلعزیز بننے کیلئے یہ ضروری نہیں کہ تم اعلیٰ درجے کی باتیں کرو مگر یہ لازمی اور ضروری ہے کہ تم اچھے سننے والو ہو۔

جب تم سے کوئی شخص ملے اور اسے بڑی خوشی اور گرمجوشی سے ملو گے اور محبت کے ساتھ علیک سلیک بھی لیتے ہو تو تمھارے اور اسکے درمیان قرابت کا ایسا رشتہ پیدا ہو جائیگا کہ تم خود حیران ہو جاؤ گے۔ ملنے والا شخص اپنے دل میں کہے گا "واہ! یہ شخص تو در حقیقت بڑا ہی اچھا آدمی ہے، ایسا شخص تو پہلے کبھی ملا ہی نہیں"۔ اگر آپ کو میرے ان باتوں پر یقین نہیں آتا تو کوئی پرواہ نہیں۔ آپ اس کا عملی تجربہ بھی کر سکتے ہیں۔ آپ اس شخص پر دھیان رکھیں جو تمھارے ہاتھ گرمجوشی اور دوستانہ گرفت سے ہاتھ میں لیتا ہے اور تمھاری طرف سے مہربانی اور موافقت سے مسکرا کر دیکھتا ہے تو تمھارے جسم میں برابر آگ لگ جاتی ہے اور تمھاری نظریں خجل کے باعث نیچی رہتی ہیں اور تم اسکے بارے میں سوچنے لگتے ہو۔ تمھارے دل میں اس شخص کیلئے اتنی عزت بیٹھ جاتی ہے کہ کسی کو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

یقین نہیں آتا۔

ہر دلعزیز بننے کیلئے کسی بڑے کارنامے کو سر انجام دینے کی کوئی ضرورت نہیں۔ ہر دلعزیز بننے خواہش مند افراد کو زحمت کر کے اپنے میل ملاپ کے عادات کو تبدیل کرنا ہے۔ ہر دلعزیز بننے کیلئے لوگوں کے نام اور چہرے یاد رکھنا از حد ضروری ہے۔

سائنسی تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ گرمجوشی سے مصافحہ کرنے والا شخص ہر دلعزیز ہوتا ہے۔ تحقیقات کے مطابق جو شخص گرمجوشی سے ہاتھ ملاتا ہے وہ نوّے فیصد کسی شخص کو متاثر کر سکتا ہے۔ اسکے برعکس سرد مہری اور تھکے انداز میں ہاتھ ملانے والا صرف ۷ فیصد متاثر کر سکتی ہے۔ اگر آپکو ہر دلعزیز بننا ہے تو اپنے اندر تپاک اور گرمجوشی کی عادت ڈالو۔

سب ہی کہتے ہیں بُرا جس کو کہ جو اچھا ہے
تم ہی اچھے کہ بُرے کو بھی کہو، اچھا ہے

سوچ کر اور دعائیں تمہیں یاد آئیں گے
لوگ سنتے ہیں مگر تم نہ سُنو، اچھا ہے

عطاشاد

اس کے نام

گہرام خان
(فرسٹ ایئر پری میڈیکل)

تمہیں اب بھی مسیحا نہین ملا جاناں!
تم اتنی دیر بھٹکتی رہی ہو بے معنی
وہ تمہیں چھوڑ چکا اور کب کا جا بھی چکا
تم اتنی دیر کیوں روتی رہی ہو بے معنی
تمہارا شہر تو میدان جنگ بن بھی چکا
تم اپنے آپ سے لڑتی رہی ہو بے معنی
یہ نیا رنگ بھی دنیا کو کچھ نہیں دیگا
تم اپنے آپ کو بدلتی رہی ہو بے معنی
تمہاری التجاؤں کا اسے خبر ہی نہیں
تم خدا اس کو مانتی رہی ہو بے معنی
تمہیں پتہ بھی نہیں ہے کہ وہ کس حال میں ہے
تم اس کا نام کیوں لیتی رہی ہو بے معنی

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اب پچھتاوے کیوں، جب چڑیاں چگ گئیں کھیت

عابد لعل ناصر آبادی

اس دنیا میں انسان مسافر کی مانند ہے ایک ایسے مسافر جو اپنی سفر کے دوران صرف ایک یا دو دن کسی جگہ میں ٹھہرتا ہے پھر اپنی سفر کو جاری کرتا ہے اگر ہم زندگی میں ایک لمحہ اپنی اصلیت کے بارے میں سوچیں تو ہم کو معلوم ہوگا کہ ہم کیا ہیں؟ ہم سب یہ جاننے کے باوجود پھر بھی ایسی برائیاں کرتے ہیں کہ اسے بیان کرنا مشکل ہوتا ہے۔ کچھ لوگ اس دنیا میں ایسے ہیں کہ اپنے فائدہ کی خاطر دوسروں کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ یہ ایک بہت برا ظلم ہے اپنے فائدے کی خاطر دوسروں کو نقصان پہنچانا ہمیں اس طرح ہرگز زیب نہیں دیتا۔ ہمیں چاہیے ہم دوسروں کے تکلیف میں انکا ساتھ دیں ان کے دکھ و سکھ میں شریک رہیں اور ان کی مدد کریں ان کا حوصلہ بڑھائیں اسے تسلی دیں یہ جو تکلیفیں اور مصیبتیں ہم پر آرہی ہیں ہم اس پر صبر کریں اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ ہمیں یہ بات ہر وقت اپنے ذہن میں رکھنی چاہیے کہ ہمیں یہاں سے جانا ہے مسافر کی طرح، اور ہم صرف یہ سوچیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی عبادت و بندگی کیلئے پیدا کیا ہے تو ہمیں چاہیے ہم اللہ تعالیٰ کا حکم مانیں اور حضور اکرم ﷺ کے طریقوں کے مطابق زندگی گزاریں جب ہماری روح کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا تو روح کو اس وقت وعدہ دیا گیا کہ تم دنیا میں جا کر اللہ کی بندگی کرو یہ تمام وعدے و اقرار کرنے کے باوجود ہم نے اپنے دین کو چھوڑ دیا ہے ہم اپنا قیمتی وقت ٹی وی دیکھنے اور ریڈیو سننے میں ضائع کرتے ہیں لیکن پانچ وقت کی نماز کیلئے کچھ وقت نہیں نکال سکتے۔

آخر کیوں؟ ہم ایسا کیوں کر رہے ہیں؟ اس کی سب سے بڑی وجہ ہم خود ہیں۔ کیونکہ ہم برائیوں کی گرفت میں اس طرح آچکے ہیں کہ نکلنا مشکل ہو گیا ہے ان برائیوں کو پھیلانے والا دماغ کس کا ہے۔ اس پر ہمیں سوچنا چاہئے کہ وہ لوگ اس طرح اس لئے کر رہے ہیں کہ مسلمان قوم گمراہ ہو جائیں۔ تاکہ اس سے وہ فائدہ اٹھا سکیں۔ اگر ہم اسلامی قانون کے مطابق اپنی زندگی گزاریں، اصولوں پر عمل کریں تو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

یقیناً کامیاب ہو جائیں گے ۔ اگر ہم اصولوں کے مطابق زندگی نہ گزاریں تو یقیناً ناکام ہو جائیں گے۔ اس وقت ہم اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامیں تو اس کا چھڑوانا بہت مشکل ہو جائے گا۔ اگر ہم اسے مضبوطی نہ تھامیں تو ایک معمولی سا جھٹکا اسی رسی کو ہمارے ہاتھوں سے چھڑوا سکتا ہے۔ اسکی چھڑوانے کی سب سے بڑی وجہ ہمارا ایمان ہے۔ اگر ایمان اچھا ہو تو عمل بھی اچھے ہوں گے۔ اگر ایمان برا ہو عمل بھی برا ہو گا اس وقت ہمارا ایمان ایک روپے میں خریدا جا سکتا ہے اس لئے ہمارے دل میں اللہ کا خوف موجود نہیں ہم جنّوں دیوّں اور مصیبتوں سے ڈرتے ہیں لیکن اللہ سے نہین ڈرتے آخر کیوں ؟؟ کیونکہ ان چیزوں کا خوف ہمیں دنیا میں محسوس ہو رہا ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ پھر بھی کہتا ہے کہ میں اپنے بندے کو وقت دیتا ہوں کہ بندہ گناہ کرنے کے بعد وہ ضرور توبہ کرے گا۔ سنو اللہ تعالیٰ کیا فرمارہا ہے ، ہمیں پھر بھی احساس نہیں ہمیں یہ احساس اس وقت ہو گا جب ہم یہاں سے کوچ کر دوسری دنیا میں چلے جائیں گے جہاں صرف ہم اور ہمارے اعمال کے سوا اور کچھ نہ ہو گا۔ اس دن پچھتاوے کے سوا ہمارے پاس کچھ نہیں ہو گا اور اس دن کے پچھتاوے سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ کیونکہ اب پچھتاوے کیا جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔

بچوں کے بنیادی حقوق

شفیق شاد

بچے باغ کے پھول ہیں اور ماں باپ انکے مالی ہیں۔ جسطرح چاہیں انہیں خوبصورت بنا سکتے ہیں۔

کہنے کا مطلب یہ ہے کہ بچے خدا کی طرف سے نعمت ہیں۔ ہمیں چاہئے کہ اپنے بچوں کو صحیح راستے پر لانے کی کوشش کریں۔ ان کی ہر ممکن جائز ضروریات کو پورا کریں۔ ہمیں جس طرح ہو انکی خواہشیں پوری کرنی چاہئیں۔ لیکن بعض اوقات ہماری معاشی حالات ہمیں انکی چھوٹی چھوٹی ضروریات پوری کرنے میں ساتھ نہیں دیتے۔ کیونکہ انسان کے اپنے گھریلو ضروریات بہت ہوتے ہیں۔ بچے کی صحیح پرورش کیلئے تین چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے : (۱) گھر کا ماحول ،(۲) اچھے اسکول میں تعلیم وتربیت ،(۳) اچھی سوسائٹی۔

بچے کا خاص پر خیال رکھیں تاکہ بچہ ایسی خواہش نہ کرے جس سے مجبوراً اسے غلط راستہ اختیار کرنا پڑے۔ اگر آپ کے پاس اپنے بچوں کی ضروریات زندگی ، تعلیم وتربیت کیلئے وسائل نہیں ہیں تو برائے مہربانی غلط راستہ اختیار کرنے سے بھی گریز کریں۔ بلکہ پرودگار سے دعا مانگتے رہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

افسانہ

فیصلہ

محمد کریم سیف

قاسم اور عالیہ کلاس فیلو تھے اور آپس میں کزن بھی۔ ان میں ایک بات مشترک تھی کہ دونوں ایک دوسرے کو چاہتے تھے۔ قاسم جب بھی عالیہ کو دیکھ لیا تو اسے خوشی ہوتی تھی۔ قاسم کا دلچسپ مشغلہ تھا کہ وہ ہر وقت عالیہ سے باتیں کرے۔ جوں جوں وقت گزرتا گیا عالیہ، قاسم کے لئے پہلے سے زیادہ پُرکشش، حسین اور جاذب نظر تھی۔ پہلے قاسم اور عالیہ ایک دوسرے کے ساتھ کھیلتے بھی تھے۔ لیکن اب ان کے ساتھ کھیل کود میں ہچکچاہٹ محسوس کرتی تھی۔ کیونکہ کہ اب وہ بالغہ ہو چکی تھی۔ دونوں کالج میں پڑھ رہے تھے۔ عالیہ خوب دل لگا کر پڑھتی تھی، لیکن قاسم کو پڑھنے میں کوئی دلچسپی نہ تھی۔ وہ کالج روزانہ آتا تھا مگر اپنا زیادہ تر وقت اسپورٹس روم میں گزارتا تھا۔ قاسم کو شدید خواہش تھی کہ دوبارہ بچپن کے دن آجائیں وہ اور عالیہ دونوں پھر سے ایک ساتھ کھیلیں۔ مگر گزرے دن لوٹ کر نہیں آتے۔ روایات مذہب اور رشتے کچھ ایسے تھے کہ وہ انہیں ایک دوسرے سے ملنے اور بات چیت کرنے نہیں دیتے تھے۔ وہ زبان سے معذور تھے مگر آنکھوں سے نہیں۔ وہ اپنی ہر بات ایک دوسرے کو آنکھیں دوچار کرنے سے پوری کر دیتے تھے۔ قاسم، عالیہ کو اس طرح دیکھ لیتا تھا کہ گویا کہ رہا ہو "میں تمھیں چاہتا ہوں" اور عالیہ کی آنکھیں یہ کہتیں "میں بھی تمھیں چاہتا ہوں"۔

قاسم کی ماں نے بچپن سے ہی قاسم کے دل میں یہ تصور بٹھا دی تھی کہ عالیہ تیری منگیتر ہے۔ قاسم کے دل پر ماں کا بویا ہوا پودا اب تناور درخت بن چکا تھا۔ وہ اپنے آپ کو کتنا خوش نصیب سمجھ رہا تھا۔ اب اسے کوئی ایسا دیوار نظر نہ آیا جو اسے عالیہ کے حصول کیلئے پریشان کرے۔

عالیہ پڑھتی رہی، وقت گزرتا گیا اور قاسم کی چاہت عالیہ کیلئے شدت اختیار کر گئی۔ عالیہ کا شمار کالج کے بہترین اور ہونہار طالبات میں ہونے لگا۔ عالیہ نے ایف ایس سی اچھے نمبروں سے پاس کر لی اور قاسم بری طرح فیل ہو گیا۔ قاسم فیل ہونے پر شرمندہ ہوا او اب زیادہ فکر مند ہونے لگا۔

ایک دن عالیہ کی ماں کی آواز قاسم پر بجلی بن کر گری۔ وہ قاسم کی ماں سے کہہ رہی تھی "قاسم بہت سُست لڑکا ہے۔ عالیہ ڈاکٹر بننے والی ہے، میرا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

بھتیجا بھی ڈاکٹر بن رہا ہے۔ ابھی یہ سال اسکے کورس کا آخری سال ہے۔ میں عالیہ کو اپنے بھتیجے ڈاکٹر وسیم سے بیاہ دوں گی۔ قاسم کے پورے وجود میں آگ لگ گئی۔ وہ خوب رویا، آخر اس نے ایک فیصلہ کر لیا کہ اب میری خوشی ختم ہو چکی ہے عالیہ میرے لئے مر چکی ہے۔ اب مجھے بھی مرنا ہے۔ اس نے خودکشی کا فیصلہ کر لیا۔ کل صبح اسکے فیصلے پر عمل کرنے کا وقت تھا اور نئے سال کا پہلا دن بھی تھا۔ وقت کی رفتار رُک چکی تھی آدھی رات کے وقت جبکہ ابھی صبح ہونے میں تین گھنٹے باقی تھے جو قاسم کیلئے تین سالوں سے کم نہ تھے۔

"تڑاخ...... تڑاخ......" اس نے اچانک ہوائی فائرنگ کر دی اور اپنا فیصلہ بدل دیا "میں کیوں اپنے آپ کو ختم کردوں؟" پھر صبح کے وقت اس نے اپنا نوٹ بک نکالا اس میں سے ایک ورق نکال کر کچھ لکھا اور ورق کو تہہ کر کے جیب میں ڈال کر کالج کی طرف روانہ ہو گیا۔ راستے میں وہ اپنے آپ سے کہہ رہا تھا "اب بھی وقت بچا ہے۔ میں وقت سے پیار کرونگا، پڑھوں گا، خوب پڑھوں گا، عالیہ نہ سہی کوئی اور سہی اس دنیا میں عالیہ ؤں کی کوئی کمی نہیں"۔

پھر کالج جا کر اس نے کاغذ جیب سے نکال کر نوٹس بورڈ پر چسپاں کر دی جس پر لکھا تھا:

"ہیپی نیو ایئر"۔

سائنسی معلومات

حمید حبیب (سیکنڈ ایئر، پری انجینئرنگ)

☆ستاروں کی تعداد تقریباً ایک سو کروڑ کھرب ہے۔
☆دنیا کے گول ہونے کا تصور سب سے پہلے فیثا غورث نے پیش کیا
☆سب سے زیادہ چمکدار ستارہ سیرلیس(Sirius) ہے یہ سورج سے بھی ۲۶ گنا زیادہ روشن ہے۔
☆سورج چاند سے ۴۰۰ گنا بڑا ہے۔
☆پولیو کے ویکسین سب سے پہلے ڈاکٹر جارس سالک نے تیار کئے
☆ارسطو کو علم حیاتیات کا بانی کہا جاتا ہے۔
☆مشہور کیمیادان سویڈن کے شیلے نے ۱۷۷۲ء میں آکسیجن دریافت کیا۔
☆خالص ہیرے کا کوئی رنگ نہیں ہوتا۔
☆دنیا میں سب سے سست رفتار جانور گھونگا ہے۔
☆کتے کی طرح بھونکنے والی مچھلیاں امریکہ کے دریائے سس میں پائی جاتی ہیں۔
☆دنیا میں زیادہ بڑھنے والا درخت بانس ہے۔

بقیہ "محبّت"

محبت سے ہر انسان کو دوسروں کے کے لئے ہمدردی پیدا ہوتی ہے۔ محبت انسان کو کیا سے کیا بنا دیتا ہے۔ یہ تو محبت کرنے والوں کو بہتر پتہ ہو گا۔ محبت ہے تو دنیا میں سب کچھ ہے۔ محبت نہیں تو میرے خیال میں کچھ بھی نہیں۔

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

محبت

نواز سلیم (بی اے)

کسی چیز کو سچے دل سے چاہنا بے انتہا پیار کرنا ہر لمحہ سوچنا گویا اپنی جان سے بھی زیادہ اسے ترجیح دینا اور ہر وقت اسکے خیالوں میں کھو جانا اسی کو شاید محبت کہتے ہیں۔ لیکن آج کل لوگوں نے لفظ محبت کے کچھ اور معنی نکالے ہیں۔ آج کے دور میں کوئی کسی سے محبت کرتا ہے تو صرف اپنے ذاتی خواہشات اور ذاتی مفادات کی خاطر محبت کا رٹ لگاتا رہتا ہے میں یہ نہیں کہتا کہ آج کل محبت کرنے والے نہیں ملتے ہیں۔ محبت کرنے والے ملتے تو ہیں لیکن ہزار لوگوں میں سے کوئی دو یا تین، جنہیں محبت کی اصل پہچان ہو۔

دوستو! آج اگر کوئی کسی کو سچے دل سے چاہے تو لوگ کہتے ہیں یہ تو دکھاوے کے لئے ایسا کر رہا ہے۔ اپنے مقصد کو پانے کے لئے ایسا کر رہا ہے۔ الغرض جتنے منہ اتنی باتیں ہوتی ہیں آج کے دور میں لوگ ایسے بھی ہونگے جو اپنی خوشیوں اور آرزؤں سے بھی زیادہ اپنی محبت کو عزیز سمجھتے ہیں۔ اور دنیا کے ڈر سے اپنی محبت کو اپنے دل میں چھپاتے ہین۔ مگر یہ سچ ہے کہ عشق اور مشک چھپانے سے نہیں چھپتے۔ ہاں البتہ دنیا والوں سے ڈرتے ضرور ہیں۔ لیکن اگر ڈرتے ہیں تو اس لئے کہ وہ اگر کسی سے اپنی محبت کا اظہار کرے تو اس کی بات کا یقین نہیں کرے گی۔

خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو اپنی محبت کو پا کر ہی دم لیتے ہیں۔ دوستو! محبت کرنے سے دل آئینے کی طرح صاف اور شفاف ہو جاتا ہے اور دل پھول سے بھی زیادہ نرم نازک ہوتا ہے۔

محبت ہر کسی کو، ہر وہ چیز سے چاہے وہ بے جان ہو یا جاندار، انسان ہو یا جانور، مرد ہو یا عورت، جسے وہ بے انتہا طرہ سے اس سے محبت کرتی ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کو نیک بندوں سے اور نیک بندوں کو اللہ تعالیٰ سے محبت ہوتی ہے۔ ماں کو اپنے بیٹے سے اور بیٹے کو ماں سے محبت ہے۔ شوہر کو اپنی بیوی سے اور بیوی کو اپنے شوہر سے محبت ہے۔ اگر انسان محبت کے آغوش میں کھو جائے تو سمجھو وہ جنت کے ان باغوں میں کھو گیا ہے جہاں کی وہ کھلی تر و تازہ ہوا، لہلہاتی پھولوں کی خوشبو، اگر کسی بے جان جسم کو محسوس ہو تو وہ گویا بے جان جسم میں جیسے ایک نئی روح ڈال دی گئی ہے محبت کے بارے میں مفکرین کا کہنا ہے کہ محبت کبھی کیا نہیں جاتا، محبت ہو جاتی ہے۔

بقیہ صفحہ ۳۸ پر دیکھئے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

پولیو

حمید حبیب
سیکنڈ ایئر

پولیو کی بیماری دراصل جراثیم کی وجہ سے ہوتی ہے اور ان جراثیم کو "پولیو وائرس" کہتے ہیں۔ پولیو وائرس کی تین اقسام ہیں، جن میں سے کسی ایک کی وجہ سے پولیو ہو سکتا ہے۔

پولیو وائرس ایک بچے سے دوسرے تک منہ کے راستے سے پھیلتا ہے خصوصاً ان علاقوں میں جہاں فضلہ (پاخانہ) جگہ جگہ پڑا رہے اور صفائی کا نظام ناقص ہو۔ پولیو وائرس کسی بچے پر حملہ آور ہوتی ہی ریڑھ کی ہڈی سے دماغ پہنچتا ہے، جس کے نتیجے میں بچے پہ فالج کا اثر ہوتا ہے۔ اور اس کے پٹھے کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں۔ یہ فالج زندگی بھر کی معذوری کا سبب بن سکتی ہے۔ لیکن ضروری نہیں کہ پولیو وائرس بچے پر حملہ کرے تو بچے کے ہاتھ پاؤں مفلوج ہو جائیں کیوں کہ بعض بچے خود پولیو کا شکار نہیں ہوتے، لیکن دوسرے بچوں میں اس بیماری کے پہنچانے کا ذریعہ بن جاتے ہیں۔ ایسے ننانوے فیصد بچوں میں بخار اور گلے کی تکلیف پائی جاتی ہے لیکن یہ بچے مسلسل بیماری پھلانے کا سبب بنتے رہتے ہیں۔ ان میں صرف ایک فیصد بچے فالج کا شکار ہوتے ہیں۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی علاقے میں پولیو کا ایک کیس موجود ہو تو وہاں موجود تقریباً سو بچوں میں پولیو کے جراثیم پائے جاتے ہیں۔

پولیو میں فالج کا حملہ اچانک ہوتا ہے، اسکا آغاز ہلکا بخار، گلے کی تکلیف اور پٹھوں کا درد ہوتا ہے۔ پولیو سے جسم کا کوئی بھی حصہ متاثر ہو سکتا ہے۔ لیکن عام طور پر پیر زیادہ متاثر ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ بازو بھی متاثر ہوتے ہیں۔ پولیو کے علاج کیلئے دوا دینے اور انجکشن لگوانے کا کوئی فائدہ نہیں، کیوں کہ اسکا علاج صرف فزیو تھراپی (ورزش) ہے اور اگر فزیو تھراپی کے ذریعے بچے کی ابتدائی دنوں سے علاج کیا جائے تو جلد بہتری ممکن ہے۔ مناسب بات یہ ہے کہ پولیو کا حملہ ہونے کے چودہ دن کے اندر فزیو تھراپی شروع کروادی جائے۔ اگر ممکن نہ ہو تو ابتدائی چار ہفتوں میں ضرور شروع کروادی جائے۔

پولیو کے خاتمے کے لئے معمول کی حفاظتی ٹیکوں کے مکمل کورس کی بڑی اہمیت ہے۔ معمول کے حفاظتی ٹیکوں کے ذریعے ایک سال کی عمر تک کم از کم

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

نوّے فیصد بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائے جانے چائیں۔ عالمی ادارہ صحت (W.H.O) کی تجویز کے مطابق تمام بچے پولیو کے قطرے کی چار خوراکیں ضرور حاصل کریں۔اس کے علاوہ پولیو کے قطرے جتنے زیادہ سے بچوں کو پلائے گئے، پولیو کے مریضوں کی تعداد میں بھی اتنی ہی کمی واقع ہو گئی۔

پولیو سے بچاؤ کے قومی دن کے ذریعے سے ہر سال ایک کروڑ سے زائد بچوں کو پولیو کی خوراکیں فرائم کی جاتی ہیں۔ ۱۹۹۷ء سے ایشیااور مشرق وسطیٰ کے وہ تمام ممالک جہاں پولیو وبائی صورت میں موجود ہے، ماسوائے نیپال اور یمن کے پولیو سے بچاؤ کا قومی دن منایا جارہاہے۔اس ضمن میں یہ کوشش بھی کی جاتی ہے کہ پولیو سے بچاؤ کا قومی دن تمام قریبی ممالک میں ایک ساتھ منایا جائے تاکہ پولیو ایک ملک سے دوسرے ملک میں نہ پھیل سکے۔ بھارت میں ۱۹۹۷ء مین ایک ہی دن میں ۱۳۴ کروڑ بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے اور ان تمام بچوں کو پولیو سے محفوظ کرلیا گیا۔پاکستان میں پولیو کے بچاؤ کے قومی دن کا آغاز ۱۹۹۴ء میں شروع ہو۔

اس وقت دنیا بھر میں تقریباً دس لاکھ بچے پولیو کی وجہ سے معذور کا شکار ہیں۔ خصوصاً ترقی پزیر ممالک میں پولیو بچوں میں معذوری کا اہم سبب ہے۔ اس ضمن میں ۱۹۹۹ء میں W.H.O نے ایک قرارداد منظور کی جس میں یہ عہد کیا گیا کہ پولیو ۲۰۰۲ء تک ہمیشہ کے لئے دنیا سے ختم کردیا جائے گا۔ لہذااس مقصد کو حاصل کرنے کے لئے خصوصی تدابیر اختیار کی گئی ہے۔ جس کے نتیجے میں ۱۹۸۸ء سے لے کر اب تک دنیا بھر میں پولیو کے مریضوں میں ۸۲ فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ یہاں تک کہ براعظم امریکہ میں پولیو کا آخری کیس ۱۹۹۱ء میں درج ہوا۔ اس کے بعد سے اب تک اس خطے میں پولیو کا کوئی کیس نہیں اور پورے براعظم کو پولیو کے مرض سے پاک کردیا گیاہے۔

پاکستان میں ۱۹۸۲ء میں ۳۵۰۶ بچوں کو پولیو ہوا تھا۔ ۱۹۹۷ء میں یہ تعداد کم ہو کر ۱۹۳۰ تک رہ گئی۔ جبکہ ۱۹۹۹ء میں اب تک درج کرائے جانے والے کیسز کی تعداد ۲۱۸ ہے۔ کوشش کی جائے کہ پولیو کی قومی دن کے موقع پر ۹۸ فیصد بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں جائیں تاکہ ہمارے ملک سے اس مہلک مرض کا ہمیشہ ہمیشہ کے خاتمہ ہو۔

☆☆☆

وہی ایک دنیا میں، جو مرا شُناسا ہے
مجھے سوچتا کیا ہے، مجھے جانتا کیا ہے

ترے عہدِ باراں میں، مری کشتِ ویراں کیا
تری زلف کا سایہ، مرے دل کا صحرا ہے

عطا شاد

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

حسنِ اخلاق

بہرام عیسیٰ نظرآبادی

حسن اخلاق ایسی صفت ہے جس سے انسان معاشرہ میں عزت و آبرو اور احترام حاصل کرتا ہے اور اس سے دوسروں کو قریب لانے کا موقع ملتا ہے۔ اخلاق سے عاری لوگ اپنی عزت اور وقار خود خاک میں ملادیتے ہیں۔

معاشرے سے الگ رہ کر کوئی انسان خوشحال زندگی گزار نہیں سکتا۔ معاشرے کو انسان مل جل کر قائم کرتا ہے یہ عام مشاہدہ کی بات ہے کہ انسان جماعت کی شکل میں رہ کر آپس میں ایک دوسرے کے کام آتے ہیں اور ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھتے ہیں بہترین عمل وہ ہے کے دوسروں کو نقصان یا تکلیف نہ دیں اور اپنے بھائی کی مشکل وقت میں کام آئیں۔ ہمارا دین اسلام اپنے جاننے والوں کو خوش اخلاقی کی تعلیم دیتا ہے۔ اگر اس پر کاربند رہا جائے تو معاشرہ جنت کا نمونہ ہو گا اور اگر بے راہ روی اختیار کی جائے تو معاشرتی برائیاں جنم لیتے ہیں اور معاشرے میں قتل و غارت، چوری اور بدامنی کا دور دورہ ہو جائیگا۔ فساد اور بے اطمینانی کی ایسی فضا پیدا ہو جائیگی کہ اس معاشرہ کے رہنے والوں کا جینا مشکل ہو جائیگا۔

اس قسم کی دیگر جتنے برائیوں نے ہمارے معاشرے میں جنم لیا ہے اس کا وجہ ہمارا تعلیمی نظام ہے۔ کیونکہ بدقسمتی سے ہمارا نظام تعلیم انگریز لارڈ میکالے کا نظام تعلیم ہے اس نظام تعلیم نے ہمارے غیور مسلمان نوجوانوں کو اسلامی تعلیم، حسن اخلاق اور نظریہ و فکریہ سے محروم کردیا ہے اس تعلیم میں اعلیٰ اخلاقی اقدار کی کمی ہے۔

اسلام ایک فرد اور پورے معاشرے کو حسن اخلاق کی تعلیم دیتا ہے۔ اللہ رب العزت قرآن پاک میں ارشاد فرماتے ہیں کہ "تم والدین کے ساتھ، رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، پڑوسیوں کے ساتھ خواہ قرابت دار ہوں یا اجنبی پاس بیٹھنے والوں کے ساتھ، مسافروں اور لونڈیوں و غلاموں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ اور یاد رکھو کہ اللہ اکڑنے والوں اور متکبروں کو پسند نہیں کرتا" (القرآن)۔

حضور ﷺ کی حیات طیبہ کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ خوش خلقی آپ ﷺ کے اخلاق سے متاثر ہو کر ہی حلقہ اسلام میں داخل ہوئے۔

رسول ﷺ کے اخلاق کے آئینے میں اللہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

تعالیٰ کی صفات جھلکتی تھیں۔ اللہ رحیم ہے، حضور ﷺ بھی دنیا کے حق میں رحمت بن کر آئے۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو مخاطب کر کے فرمایا "اے محمد ﷺ! تم اخلاق کے بڑے درجہ پر ہو۔

ہمارا موجودہ نظام ایسے افراد پیدا کر رہا ہے جو اخلاق سے عاری ہیں اور اسلامی عادات و اطوار سے بھی۔ ہمارے نصاب تعلیم اور طرز تعلیم اور تعلیمی ماحول میں سرے سے اس فکر کا کوئی نشان نہیں ملتا کہ ہمیں اپنے اندر قومی سیرت بھی پیدا کرنی ہے۔

جذبہ ایمانی اور اسلامی تعلیمات ہماری قوت کا سرچشمہ ہیں لہذا ہمیں اپنے ایمان میں پختگی پیدا کرنی چاہئے اور اسلامی اصولوں پر ایسے خلوص دل سے عمل کرنا چاہئے جیسے ماضی میں مرد مومن عمل کر کے ساری دنیا پر عزت اور وقار پا گئے۔

اللہ تعالیٰ نے انسان کو عقل اور تمیز کی قوتوں سے نوازا ہے اور اسے اشرف المخلوقات کا مرتبہ دیا ہے۔ لہذا انسان کا فرض ہے کہ وہ اپنی زندگی کے مقصد کو سمجھنے اور اس مقصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے راستے پر گامزن ہو، تب اس دنیا میں بھی ایسے انسان کے لئے فلاح و عزت و وقار ہے اور ایسا شخص آخرت میں کامیابیوں سے دوچار ہو گی۔

☆☆☆

یہی بہت ہے

حفیظ رؤف
سیکنڈ ائر پری میڈیکل

مری جان!
یہ رات سنسان
فضائیں بوجھل
مہکتے خوشبو
دہکتے لمحے
وہیں رہینگے
جو آنا چاہو
تو نہ آسکو گے
وہ چاند راتوں میں
ساتھ رہنے کی
صرف یادیں کرینگے پیچھا
یہ رابطے جو
محال ہیں اب
مثال ہیں اب
یہ ایسے کٹ جائیں گے
میری جان!
کہ لاکھ چاہے بھی
ہم میں کوئی
نہ انکو پھر سے جڑا سکے گا
یہ وقت روٹھے
تو کون اس کو منا سکے گا

زرا سا سوچو
یہی ہو اگر!
تو رات دن
ہمارا
اپنے اپنے گھروں سے
مقدروں سے
بدلتے
سال بہ سال
کلینڈروں سے
الجھ کے رہنا
تو جان!
ایک لازمی امر ہے
یہ رشتہ باقی
تمام رشتوں سے
بڑھ کے انمول ہے
میری جان!
ہم دوست بن کر
نبھائیں اسکو
یہی بہت ہے

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کوشش آخری سانس تک

منیر احمد، لیب اسسٹنٹ (فزکس)

ایک حدیث میں ہے کہ رسول ﷺ نے فرمایا "اگر قیامت کی گھڑی آجائے اور تم میں سے کسی کے ہاتھ میں کھجور کی قلم ہو اور وہ اسے زمین میں لگا سکتا ہو تو اسے لگا دینا چاہیئے"۔ یہ بات اگرچہ پہلی نظر میں بہت عجیب سی لگتی ہے لیکن فطرت کے عین مطابق ہے اور اپنے اندر بڑی سادگی، گہرائی اور وسعت رکھتی ہے اور اسلامی طرز فکر و عمل کی پوری طرح وضاحت کرتی ہے۔ اس سادہ سی بات کے بہت سے مثبت پہلو سامنے آتے ہیں۔

اسلام کی منفرد صفت کے طور پر سب سے پہلی فکر انگیز بات یہ سامنے آتی ہے کہ دنیا اور آخرت کی راہیں دو الگ الگ راہیں نہیں ہیں بلکہ آخرت کا راستہ دنیا ہی سے ہو کر جاتا ہے۔ اس راہ کا ایک سرا دنیا ہے تو دوسرا آخرت۔ دنیا اور آخرت میں کوئی اختلاف اور فرق نہیں ہے۔ عبادت اور دنیا کے کام اسلام کی نظر میں جدا جدا نہیں ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ آخرت کا راستہ عبادت اور دنیا کا راستہ کام کے درمیان سے گزرتا ہو۔ یہ دونوں ساتھ ساتھ ہیں اور عبادت کو عمل سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔ دوسری بات یہ سامنے آتی ہے کہ زندگی آخری لمحے تک عمل کی دعوت ہے۔ شاہراہ حیات پر اٹھتے قدموں میں سے آخری قدم بھی کام کرتے ہوئے اٹھے۔ "کھجور کی قلم بو دی جائے اگرچہ وہ گھڑی قیامت قائم ہونے کی ہو" اس طرح نظروں کے سامنے یہ حقیقت لائی جا رہی ہے کہ آخرت کو جانے والا راستہ یہی ہے۔ اسکے سوا کوئی راستہ نہیں۔

انسانیت کی تاریخ پر نظر ڈالیں ہر زمانے میں کچھ لوگوں نے یہ سمجھا ہے کہ آخرت کے لئے عمل کا تقاضا یہ ہے کہ دنیا سے تعلق توڑ لیا جائے۔ اگر دنیا کے لئے عمل کیا جائے تو وہ آخرت کی راہ میں رکاوٹ بنتا ہے۔ دین و دنیا کی اس تفریق نے مادی و عملی زندگی کو روحانی و اخلاقی زندگی سے بالکل الگ کر دیا اور انسانیت ایک کشمکش سے دوچار ہو گئی۔ جب تک انسانی زندگی کے یہ دونوں پہلو باہم مربوط نہیں ہوں گے اس وقت تک انسان سکون اور امن و آشتی سے زندگی نہیں گزار سکے گا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

زمانہ قدیم سے دین و دنیا کی یہ تفریق چلی آرہی ہے۔ کچھ لوگ دنیا ترک کر کے گوشہ نشین ہو گئے اور عبادت و ریاضت میں لگ گئے اور کچھ لوگوں نے دنیا ہی کو اپنا مقصود بنالیا، تاکہ دنیا کے مزے لوٹ لیں۔ دور جدید کا انسان بھی اسی تفریق کا شکار ہے اور اسکے نتائج بڑھتے بڑھتے اس حد تک پہنچ گئے ہیں کہ ہسٹریا، بلڈ پریشر اعصابی بیماریاں، پاگل پن اور خودکشی کی وارداتیں جدید تہذیب کے زیر سایہ بڑھتے بڑھتے اس حد پہنچ گئے ہیں۔ یہ اسی تفریق کے اثرات ہیں نفس اپنی اس فطرت کا تقاضا کرتا ہے جس پر اللہ نے اسے پیدا کیا ہے۔ یعنی جسمانی خواہشات اور مرغوبات نفس کی تکمیل بھی ہو اور عقل و فکر اور روح کے تقاضے بھی تشنہ نہ رہیں۔

انسانی وجود میں متضاد اور متعارض رجحانات پائے جاتے ہیں۔ اگر ان کو منتشر حالت میں چھوڑ دیا جائے تو نفس کشمکش اور اضطراب سے دوچار رہے گا لیکن اس کے متضاد رجحانات میں ایک وحدت اور ربط پیدا ہو جائے تو یہ دنیا کے سب سے بڑی طاقت بن جاتا ہے۔ مادہ اور روح کے امتزاج کے ذریعے یہ فانی ذرہ ازلی اور ابدی طاقت سے نور حاصل کر کے خود بھڑک اٹھتا ہے۔

نفس کے متعارض رجحانات کو یکجا کرنے کا راستہ دنیا اور آخرت کی یکجائی ہے۔ جو مال اللہ نے تجھے دیا ہے اس آخرت کا گھر بنانے کی فکر کر اور دنیا میں سے بھی اپنا حصہ فراموش نہ کر۔ اے نبی ﷺ کہو کس نے اللہ کی اس زینت کو حرام کر دیا جسے اللہ نے بندوں کے لئے نکالا تھا۔ اور کس نے خدا کی بخشی ہوئی پاک چیزیں ممنوع کر دیں۔ کہو یہ ساری چیزیں دنیا کی زندگی میں بھی ایمان لانے والوں کے لئے ہیں اور قیامت کے روز تو خالصتاً انہیں کے لئے ہوں گے۔ دنیا و آخرت کی اس وحدت کا کامل نمونہ اللہ کے رسول ﷺ کی اپنی ذات تھی۔ دنیا میں آپ ﷺ نے جو کام بھی کیا اسکا مقصد اللہ کی رضا اور آخرت کا حصول تھا۔ آپ ﷺ کا کوئی لمحہ ایسا نہ گزرا جس میں آپ دنیا کے کام اور اہل دنیا کی اصلاح کی کوشش سے غافل رہے ہوں۔ آپ ﷺ اپنی دعاؤں میں اللہ سے ہی توفیق طلب کرتے تھے۔ کہ بہترین طریقہ پر فریضہ رسالت ادا کر سکیں۔ شب کی خلوت میں عبادت کرتے ہوئے بھی آپ ﷺ یہ نہیں بھولتے تھے کہ آپکی رسالت کا مقصد لوگوں کی ہدایت ہے۔ آپ ﷺ لوگوں سے کٹ کر اللہ کے لئے یکسو ہونے کی کوشش نہیں کرتے تھے۔ آپ ﷺ اللہ کی راہ میں لڑے، اسی کی خاطر صلح کی، اسی طرف لوگوں کو بلایا، اسی کے بتائے ہوئے طریقے کے مطابق شادی کی۔ ہجرت کی، نیا وطن بنایا یہ سب اللہ کے لئے آخرت کے لئے اس دن کے لئے جب اللہ سے ملنا ہوگا کیا اسی کے لئے آپ ﷺ کا ہر عمل عبادت بن آپ ﷺ کے سامنے ایک ہی راستہ تھا اور وہ اللہ کی طرف جانے والا راستہ تھا۔ اسی پر آپ ﷺ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کے قدم زندگی کے آخری لمحے تک بڑھتے چلے گئے۔ آپ ﷺ دنیا کے کام کرتے تھے لیکن آخرت چاہتے تھے اور اس آخرت کی زندگی کے لئے اس پر جدو جہد کرتے تھے ، یہاں تک کہ آیت نازل ہوئی یہ آپ ﷺ کی زندگی کے اختتام کا اشارہ تھا۔ لیکن آخری سانس لیتے وقت بھی آپ ﷺ دنیا کے معاملات سے الگ نہ ہوئے۔ درد شدت اختیار کرتا جارہا تھا اور آپ ﷺ کہہ رہے تھے۔ کاغذ قلم لاؤ میں تمہارے لئے کچھ ہدایات لکھوادوں ۔ یہ تھی کھجور کی قلم جو آپ ﷺ بالکل آخری وقت میں بو رہے تھے۔ مسلمان اس نمونے کی پیروی کے کے بھٹکی ہوئی انسانیت کو سیدھی راہ دکھا سکتے ہیں۔ وہ یہ جان لیں کہ جب تک وہ اس دوڑتی بھاگتی زندگی میں دوسروں کے ساتھ حصہ نہیں لیں گے۔ وہ نہ اللہ کو راضی کر سکتے ہیں اور نہ اپنے دین کی خدمت کر سکتے ہیں یہ اسلام نہیں ہے کہ جب وہ اسکول ، یونیورسٹی، کارخانے یا بازار میں داخل ہوں تو یہ سمجھیں کہ وہ دنیا کے کام کر رہے ہیں۔ اور ان کاموں سے فارغ ہونے کے بعد عبادت کریں گے۔ اسلام تو یہ ہے کہ وہ جدید علم حاصل کر کے لوگوں کی بھلائی کے کام کریں۔ ایٹمی طاقت کا راز جان کر جنگ و امن میں اس کا صحیح استعمال کریں۔ بلکہ وہ یہ سمجھ لیں کہ اللہ پر ایمان رکھنے والا انسان دنیا کا جو کام بھی کرے گا وہ آخرت کے راستے سے ہٹ کر نہیں ہو سکتا۔ دنیا کے راستے ہی سے وہ آخرت تک

پہنچیں گے۔ اس لئے ضروری ہے کہ زندگی کے آخری لمحے تک وہ کھجور کی قلمیں زمین میں بوتے رہیں ۔ اسی طرح وہ اللہ کی رضا حاصل کر سکیں گے اور دنیا والوں کو خصوصاً اہل مغرب کو بتا سکیں گے کہ تم نے دنیا بنانے کے لئے خدا کی فرمان کو اٹھا کر ایک طرف رکھ دیا ہے۔ حالانکہ وہ تم اس زندگی سے لطف اندوز ہونے نہیں روکتا۔ وہ صرف یہ چاہتا ہے کہ تم اس صراط مستقیم پر چلو جو دنیا سے گذر کے آخرت تک جاتی ہے۔ اور تمہیں اللہ تک پہنچانے والی ہے۔ حدیث سے دوسرا اہم سبق یہ ملتا ہے کہ زندگی میں مایوسی کا کوئی سوال نہیں۔ نتیجہ کی طرف سے کسی قسم کی مایوسی ایک لحظ کے لئے بھی کوشش کا سلسلہ منقطع نہ کر سکے۔ قیامت سر پر آگئی ہو، ایک نور ... اور وہ دنیا والوں کے لئے راہ نما بن گئے۔ اس وقت یورپ جہالت ، پستی اور انتشار کا شکار رہے۔ اسلام کے چمکتے ہوئے نور کی کچھ کرنیں وہاں پہنچیں اور وہ غفلت سے بیدار ہوئے۔ لیکن وہ اللہ آخرت کے راستے پر نہیں چلے اس لئے ان کی حالت اس مجنوں کی سی ہوگئی جسے شیطان نے چھو کر مخبوط الحواس کر دیا ہو۔ غفلت میں پڑے ہوئے بے مسلمانوں کو آج رسول ﷺ کی زندگی کو بغور دیکھنے ضرورت ہے۔ یہ زندگی ان کو سبق دیتی ہے، عمل لگاتار عمل کا۔ بغیر رکے بغیر تھکے جدوجہد کا سے بڑھ کے کوشش کا۔ تاکہ ماضی کی بے عملی کا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہوسکے ان کو ہر میدان میں آگے بڑھنا ہے۔ علم و فن ہو، حرفت و صنعت ہو، تجارت ہو، اقتصادیات، سیاست ہو یا حکومت، ہر شعبے میں جدوجہد کرکے دنیا کی تعمیر کرنا ہے۔ ان کا کام کوشش کرنا ہے کامیابی یا نتیجہ اللہ کے ہاتھ میں ہے۔

معاشرے کی اصلاح کرنے اور تبدیلی کی کوشش کرنے والوں کے لئے اس حدیث میں کیا خوب سبق ہے۔ ایسے لوگوں پر مایوسی کے حملے کچھ زیادہ ہی ہوتے ہیں۔ ان کو ثابت قدم رہنے کی سب سے بڑھ کے ضرورت ہوتی ہے۔ ایک تاجر ناکامی سے دل برداشتہ ہوتا ہے۔ لیکن مال کی ضرورت اسے پھر اپنی راہ پر لگادیتی ہے۔ ایک سیاستدان مایوسی کا شکار ہوتا ہے، لیکن سیاست کے نشیب و فراز اسے دوبارہ اس میں کھینچ لاتے ہیں۔ ایک عالم علم کی تحقیق کی میدان میں ناکام ہوسکتا ہے، لیکن دوبارہ کوشش کرکے کامیابی حاصل کرلیتا ہے۔ لیکن مصلحین کا معاملہ مختلف ہے ان کا واسطہ مادی چیزوں سے نہیں بلکہ قلب و روح سے ہوتا ہے۔ حق کی دعوت سے لوگوں کا انحراف اور خیر صلاح کو پہچاننے کے باوجود اسکی مخالفت مصلحین کے دلوں کو گھن کی طرح چاٹتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ مکمل مایوسی کا شکار ہوکر راستے ہی میں گر پڑتے ہیں۔ صرف وہ لوگ اپنی جگہ جمے رہتے ہیں جو قیامت آجانے کا یقین ہوجانے کے بعد بھی زمین میں پودا لگانے کی ہمت رکھتے ہیں۔ اس لئے مصلحین اللہ کے رسول ﷺ کی اس نصیحت کے سب سے زیادہ محتاج ہیں اور ان کو ہر شخص سے بڑھ کر اس نصیحت کے سادہ الفاظ پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔

یہ حدیث ان کو بتاتی ہے کہ تمہارا کام صرف کوشش کرنا ہے، نتیجہ نکالنا تمہاری ذمہ داری نہیں یقین کامل کے ساتھ کام کرو تم اپنے آپ سے یہ سوال نہ کرو۔ کہ یہ پودا بار آور کیسے ہوگا۔ جب ہر طرف آندھیروں اور برائیوں کے طوفان ہیں۔ اگر تم یہ سوچو گے تو کجھور کی قلم پھینک کر ہاتھ جھاڑ کے کھڑے ہوجاؤ گے۔ اور اس کو ضائع کردو گے۔ اسکو زمین میں بو دو اور اللہ کے آگے دعا کے لئے ہاتھ اٹھادو اور اللہ کا شکر ادا کرو کہ اس نے تم سے اسی محدود ذمہ داری سے آگے کوئی کردار ادا کرنے کا مطالبہ نہیں کیا۔ کبھی تم دنیاوی پیمانوں کے لحاظ سے خوش قسمت ہوتے ہو کہ تمہاری زندگی ہی میں تمہارا بویا ہوا پودا پھول لے آتا ہے اور کبھی تم یہ وقت آنے سے پہلے ہی دنیا سے چلے جاتے ہو۔ لیکن تم کہاں جاتے ہو، اللہ کے پاس جہاں تم کو دنیا میں لگائے ہوئے پودے کا پھل مل جاتا ہے۔ اس وقت تم خوش ہوگے کہ تم دنیا میں پودا لگادیا تھا اور ناامیدی کا شکار نہیں ہوئے تھے۔ تم پھل چاہے دنیا میں ملے یا آخرت میں، ملے گا ضرور۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

دل کے ارمان

سیمک ندا
سیکنڈ ایئر، پری میڈیکل

جیون کے درد بھرے پون
مرے قریب سے
اس طرح گزرے
مرا سارا جیون اداس کر گیا
میں اب وہ نہ رہی!
جو پہلے ہنس کر
لوٹ پھوٹ ہوا کرتی تھی....
سہیلیوں سے مل کر
دل لگایا کرتی تھی
دل کی ہر بات کہتی تھی
دل کے ارماں بہت تھے مرے
آنکھوں میں سپنے سجایا کرتی تھی
جو بھیگی بارش میں مچلتی تھی
جو پنکھ لگا کے اڑتی تھی
مسرور ہوا کرتی تھی
مگر اب میں اداس اداس ہوں!
اور دل کے ارمان
ٹوٹ چکے ہیں
بکھر چکے ہیں
اب میں نے سپنا دیکھنا چھوڑ دیا ہے
کیونکہ مرے دل پہ کانٹے بوئے گئے
مری آرزوؤں کا خون کیا گیا!
کوئی امید نہ نظاروں سے نہ آسائشوں سے
ہمیں واسطہ ہے بس ایک کلی سے
وہ بھی مل نہ سکی
ارماں تو کیا......!
پر، وہ مرجھا گئی
اب کس شئے کی ہوس کریں
اپنے لئے کیا مانگیں......؟
کس خواب کو حقیقت بنتے دیکھیں؟
جبکہ ....
وہ دل ہی نہ رہا.......

☆☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

معلومات عامہ

ہماری دُنیا

غوث بخش ناگمان
تھرڈ ایئر

✿ دنیا میں پانی کا حصہ = ۷۱۰۴۳ فیصد

✿ دنیا میں خشکی کا حصہ = ۲۸۰۵۷ فیصد

✿ دنیا کے سب سے دو بڑے مذاہب

(۱) عیسائیت، (۲) اسلام

✿ دنیا کا سب سے بڑا براعظم: براعظم ایشیا ہے

✿ دنیا میں سب سے بڑا ریاستی ملک: امریکہ ہے جن کی ریاستوں کی تعداد ۵۱ ہے۔

✿ دنیا میں عجائبات کی تعداد کل ۷ ہیں: اہرام مصر، آویزاں باغات، ڈائنا کا مندر، جیوپیٹر کا مجسمہ، مسولین کا مقبرہ، رہوڈز کا مجسمہ اور اسکندریہ کا روشنی مینار۔

ایورسٹ جس کی اونچائی ۸۸۴۸ میٹر اور کے ٹو کی جس اونچائی ۸۶۱۰ میٹر۔

✿ دنیا کا سب سے بڑا صحرا: صحرائے اعظم جس کا رقبہ ۸۴۰۰۰۰۰ کلو میٹر ہے۔

✿ دنیا کا سب سے اہم جزیرہ: گرین لینڈ ڈنمارک جس کا رقبہ ۲۰۷۵۵۹۷ کلو میٹر ہے۔

✿ دنیا کی سب بڑی جھیل: کیپسئین ہے جس کی گہرائی ۹۴۶ میٹر، لمبائی ۱۱۹۹ کلو میٹر ہے۔

✿ دنیا کی بلند ترین آبشار: انجل ہے، جس کی اونچائی ۱۰۰۰ میٹر۔

✿ دنیا کا سب سے بڑا پُل: ۴۱½ ساڑھے چار میل لمبائی

✿ دنیا کا سب سے بڑا بند: نورک (روس) جس کی بلندی ۱۰۴۰ فٹ ہے۔

✿ دنیا کا سب سے بڑی سرنگ: سپمپلین (سوئٹرز لینڈ) ہے جس کی لمبائی ۱۲۳۲ میل ہے۔

✿ دنیا کا سب سے بڑا ریلوے پلیٹ فارم: سورن پور (انڈیا) میں ہے جس کی لمبائی ۲۴۱۵ فٹ ہے۔

✿ دنیا کی سب سے بڑی لائبریری: برٹش میوزم ہے۔

✿ دنیا کی سب سے بڑی دیوار: دیوار چین ہے، لمبائی ۱۲۵۰ میل ہے

✿ دنیا کا سب سے بڑا ملک (بلحاظ آبادی): چین ہے۔

✿ دنیا کا سب سے بڑا دریا: دریائے نیل ہے جس کی لمبائی ۶۶۹۰ کلو میٹر ہے

✿ دنیا کی سب سے بڑی پہاڑی چوٹیاں: ماؤنٹ

***

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اُقوالِ زرّیں

شاکرہ علی محمد فائنل ایئر بی ایس سی

* عیاری چھوٹے کمبل کی مانند ہے، اس سے سر چھپاؤ گے تو پیر ننگے ہو جائیں گے۔ (سکاٹ)

* مچھر جب تک بھوکا ہے، زندہ رہتا ہے، سیر ہو جائے تو موٹا ہو جاتا ہے اور جب موٹا ہو جائے تو مر جاتا ہے۔ (حضرت ربیع بن انسؒ)

* جب لاغری کے بعد حاکم موٹا ہو جائے تو جان لو کہ وہ رعیت اور اپنے ربّ کی خیانت کرتا ہے۔ (حضرت مالک بن دینارؒ)

* قیامت کو جو کچھ انسان کے ساتھ ہوگا، جانور دیکھیں گے تو کہیں گے شکر ہے اس خدا کا جس نے ہمیں انسان نہ بنایا (حضرت ابو عمران جونیؒ)

* جو برے آدمی پر رحم نہیں کرتا وہ اس سے بھی برا ہے۔ (حضرت شفیق بلخیؒ)

* ہم میں سے کوئی ایسا نہیں جو اپنے غریب پڑوسی کا بوجھ برداشت نہ کر سکے۔ (فوکالڈ)

* کسی کتے کے آگے ہڈی ڈالنا فیاضی نہیں، یہ فعل فیاضی اس صورت میں ہوتا جب اس ہڈی کی ہمیں بھی اتنی ہی اشتہا ہوتی ہے جتنی کہ کتے کو ہے۔ (جیک لنڈن)

* اس چیز کی ضمانت نہیں دی جاسکتی کہ امیر والدین غریب والدین کو جنم نہیں دیں گے۔ (پراچناؤ)

* موجودہ نظام میں اپنے پڑوسی کی جیب خالی کئے بغیر کوئی شخص اپنی جیب نہیں بھر سکتا۔ (ٹالسٹائی)

* تمام دنیا گھوم کر دیکھ لو مفلس کے لئے کوئی بھی دروازہ کھلا ہوا نہیں ہے۔ (جارج سینڈ)

* میں اس انسان کو بزدل خیال کرتا ہوں جس کا عمل اس کے تخیل کا آئینہ نہیں ہوتا۔ (جانسن)

* اگر بیوقوف بازار نہ جائیں تو بری چیزیں کون خریدے۔ (پیٹر بارنم)

* دیوار کا ایک پتھر خواہ وہ کتنا ہی چھوٹا ہو، اپنی قیمت رکھتا ہے۔ (لانگ فیلو)

* آپ خود کو دیانت دار بنانیے بعد یقین کرلیں کہ دنیا میں ایک بے ایمان کی کمی ہوگئی ہے۔ (کارلائل)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

افسانہ، خواب یا حقیقت

کلثوم احمد علی (بی اے فائنل ایئر)

ایک شب جب ''امن'' کی آنکھ لگی تو اس نے بڑا پُر آشوب خواب دیکھا کہ وہ کسی پہاڑ کی چوٹی پہ ہے۔ جہاں سے اترنے کے ان گنت راستے ہیں مگر جب وہ اپنے اطراف میں نظر ڈالتا ہے اور نیچے دیکھتا ہے تو اسے ماحول اجنبیت سے بھرپور لگتا ہے۔ حدِ نگاہ لوگوں کا ایک ہجوم ہے مگر عجیب سا گھٹن زدہ ماحول ہے۔ اس نے سوچا ''چلو میں بھی نیچے چل کر دیکھوں آخر ماجرہ کیا ہے؟'' نیچے اترتے ہوئے اسے لگ ہی نہیں رہا تھا کہ وہ کسی بلندی سے پستی کی جانب رواں ہے۔ ''بڑا سہل راستہ ہے'' اس نے سوچا۔

نیچے پہنچ کر دیکھا کہ ایک جگہ دس بارہ افراد ہاتھوں میں تلوار لئے کمزور و لاچار اور بے زبانوں کو بری طرح مار رہے ہیں۔ وہ چلانے کی کوشش کرتے ہیں مگر کوئی فائدہ نہیں ہوتا، کیوں کہ اول تو وہ خود قوتِ گویائی سے محروم ہیں دوسرے چار سُو جو لوگ ہیں وہ سماعت سے بے بہرہ ہیں۔ وہاں ہر کوئی اپنے آپ میں مست و مگن ہے۔

ذرہ دیر آگے گیا تو دیکھا کہ دُکانیں لگی ہوئی ہیں جہاں ''موت'' مہنگے داموں فروخت ہو رہی ہے، مگر خریدنے والوں کی قطاریں بے شمار ہیں۔ ہر کوئی اسی تگ و دو میں ہے کہ اسے موت کا پروانہ پہلے مل جائے۔ اور جو لیکر مڑ رہے تھے انکے چہروں پر ساری دنیا کی مسرت سمٹ آئی تھی۔ خیال آیا کہ موت تو ایسی چیز جو مفت بھی ملے تو ہر کوئی لینے سے انکاری ہو مگر یہاں کیا حالت ہے کہ ہر کوئی موت کا شیدائی۔ ان لوگوں میں اسے مایوسی بھی نظر آئی جو انکے درمیان کھڑی مسکرا رہی تھی۔ اسے ہمیشہ مایوسی کی مسکراہٹ سے نفرت رہی ہے۔ چنانچہ وہ سارے منظر دور دور کھڑا دیکھ رہا ہے۔ اس نے چاہا کہ جا کے ان لوگوں کو روکے مگر ''امن'' کے قدم ایسے ماحول میں اسکا ساتھ چھوڑ دیتے تھے حالانکہ اسے اچھی طرح معلوم ہوتا ہے کہ جہاں اسکی منزل ہوتی ہے اس جانب اسکے قدم غیر دانستہ طور پر اٹھ ہی جاتے ہیں۔

ذرا آگے چلتے ہوئے اسے بڑا سا پتھر نظر آتا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہے جس پر اسکے کسی کتاب کے دیباچے میں پڑھے
ہوئے الفاظ نقش نظر آتے ہیں، اس پہ تحریر ہے کہ :
"جیو اور جینے دو..........
آدم زاد تم نے خود کو اپنی دہکائی ہوئی دوزخ میں کیوں
دھکیل دیا
کون کہہ رہا تو آسمان کی باتیں لا......
کس نے تقاضا کیا ہے کہ اپنے منہ کا نوالہ نکال کر
سامنے والے کو دے..............
کون کہتا ہے کہ تو اپنا مال و متاع کسی کے حوالے
کردے......
تیرے پاس تیرے دل کی دنیا ہے..........
اس میں باغ کیوں نہیں لگاتا..........
دل کے حسین زمانے رشک و حسد میں کیوں گنوا رہا
ہے..........
تجھے اپنی خوشی سے زیادہ دوسروں کے دکھ کی طلب
کیوں ہے..........
تجھ سے کوئی پیغمبری کے بوجھ اٹھوا رہا ہے......؟
یہ تو نے کس کے کہنے پر دوسروں کی زندگی میں آگ
لگانے کو لکڑیوں کے گھٹے کا بوجھ اٹھایا ہے..........
تجھے اپنی آنکھوں میں خوشی کی دمک کے بجائے
دوسرے آدم زاد کی آنکھوں میں آنسو کی دھند کیوں
پسند ہے..........؟
گڑھے کیوں کودتا ہے......؟ تیرا اپنا پاؤں پہلے پسل
سکتا ہے..........

آگ لگادیا ہے...... تیرے اپنے پاؤں جل سکتے ہیں
دل دکھا رہا ہے.......... مکافات عمل کا ترازو وہ سا
ہی تو جھول رہا ہے..........
بے حس بن رہا ہے...... تو کیا کائنات تمہارے اشار
پر سو جائیگی......؟
لکھی مٹا رہا ہے...... تو کیا مٹ جائیگی..........؟
جینے کے اتنے اہتمام...... کیا موت نہیں آئیگی......
لیکن اس کے بعد کا منظر بڑا ہیبت ناک تھ
جس طرح میدان عرفات میں شیطان کو کنکریاں مار
جاتی ہیں، اسی طرح ان الفاظ کو بھی ہر گزرنے وا
شخص ایک پتھر مار رہا ہے۔
پیاس کی شدت "امن" کو بے حال کرتی ہے
تو وہ تلاش آب میں بھٹکنے لگتا ہے، تو دور اسے پانی نظر
آجاتا ہے۔ پانی کے پاس جاکر دیکھتا ہے تو سینکڑوں افر
پانی پی رہے ہیں اور مشکیزے بھر رہے ہیں۔ وہ ذرا
جھکتا ہے تو اسے پانی سرخ نظر آتا ہے چلّو میں پانی بھر
ہے تو پانی میں کون کی آمیزش نظر آتی ہے "تو یہاں
پانی کی یہ حالت" وہ سوچتا ہے۔ پانی بھی ہے اور پیاس
بھی ہے مگر یہ محلول مکر جانے یہ مجبور کردیا ہے، تب
وہ وہاں سے ہٹ جاتا ہے۔
اب تک "امن" ان لوگوں سے دور دور تھ
اور کسی کی نظر اس پر نہیں پڑی تھی۔ مگر جیسے ہی
لوگوں نے اسے دیکھا اسکے پیچھے دوڑ پڑے اور زور زو

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سے چلانے لگے "ختم کردواسکو"۔ اور اسی اثنا میں اس کی آنکھ کھل گئی اور اس نے خود کو حقیقت میں پایا۔ سانس پھول رہی تھی۔ اس نے حقیقت کو بڑا ہوش ربا پایا۔ ابھی تک اس "برے خواب" کا عکس اسکے ذہن پر موجود تھا۔ حقیقت خواب کے بر عکس تھا۔ حقیقت میں تو وہ سب کچھ تھا جو "امن" کو پسند تھا۔ سارے لوگ خوش و خرم تھے سب قناعت پسند تھے، کوئی خدائے بزرگ و برتر کی ناشکری و نافرمانی نہیں کر رہا تھا۔ مسجدیں آباد تھیں، بھائی چارہ و عدل و انصاف جیسی چیزیں عام تھیں ۔ بے زبانوں سے معصوموں سا سلوک روا رکھا جارہا تھا۔ حقیقت میں کوئی موت بر حق اور وہ قوت یہ ہی آئیگی۔ حقیقت میں ہر کوئی خدا اور اسکے رسول ﷺ کے احکامات سے فیضیاب ہورہا تھا۔ ایک جگہ کچھ لوگ خدا اور اسکے رسول ﷺ کی باتیں پڑھ کر دوسروں کو بھی سنا رہے تھے۔ "امن" بھی بیٹھ کر سننے لگا۔ یہاں اس نے اپنے دوست "امید" کو بھی پایا، جسے دیکھ کر اسے بے حد مسرت ہوئی۔ اتنی اچھی باتوں سے فیضیابی کے بعد وہ پانی کی تلاش میں گیا تو اسے بے حد چمکیلی جگہ نظر ائی۔ وہاں چل کر انکشاف ہوا کہ یہ حقیقت کا ندی ہے جو شفاف ہونے کی وجہ سے جب سورج کی شعاعیں اس پر پڑ رہی تھیں تو پانی کی سطح پر ہیروں کی موجودگی جیسا منظر پیش کر رہا تھا۔ پانی کے پاس "امن" کو اپنا ایک اور بہترین دوست "ایمان" نظر آیا، جس سے اس نے چند باتیں بھی کیں۔

لوگوں نے جب "امن" کو دیکھا تو اسے ہاتھوں ہاتھ لیا اور "امن" کو بتایا کہ وہ اصل میں ادھر ہی کا باسی ہے۔

"امن" کو بھی یہ جگہ بہت پسند ہے لیکن وہ ابھی بھی یہ سوچ رہا ہے کہ "جو بند آنکھ سے دیکھ رہا ہے تھا وہ خواب تھا؟ یا جو وہ کھلی آنکھوں سے دیکھ رہا ہے یہ خواب ہے؟ ان دونوں میں سے حقیقت کون سا ہے؟ "امن" بڑی الجھن میں ہے۔ اگر آپ اسکی الجھن دور کردیں تو مہربانی ہوگی۔

یہ دل کا دشت ہے، یہ زلف کی گھٹا چاہے
سفر کے حبس میں دیدار کی ہوا چاہے
ترے سوا نظر میں کوئی جچا ہی نہیں
تجھے نہ چاہے تو پھر کس کو دیکھنا چاہے
سمجھا رہے ہیں، مجھے کوہسار کے خم و پیچ
یہ زندگی ہے، وفاؤں کا سلسلہ چاہے
بس اس کے بعد تو جنگل کی شام آتی ہے
سو لوٹ جا، تو اگر ساتھ چھوڑنا چاہے
چہ خوش نظر ہے۔ عطا! میرے عہد کا گلچیں
جو آگ بانٹے کے خوشبو سمیٹنا چاہے

عطا شاد

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اِنفرادی اختلاف

اَسماءشمیم (لیکچرار ہوم اکنامکس)

افراد بحیثیت انسان کچھ ایسی خصوصیات کے حامل ہوتے ہیں، جو سب میں مشترکہ پائی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر ہر آدمی کے دو ہاتھ ، دو کان ، ایک ناک اور دو آنکھیں ہوتی ہیں۔ نیز تمام افراد میں یکساں طور پر چند بنیادی صلاحیتیں پائی جاتی ہیں۔ مگر ان تمام مماثلوں کے باوجود ہر فرد دوسرے فرد سے کسی نہ کسی طرح مختلف ہوتا ہے۔ ایک ہی گھر میں چار پانچ بچے ہیں مگر آپ نے دیکھا ہوگا کہ ایک بچے کی دوسرے بچے سے صلاحتیں، قابلیتیں اور رجحانات مختلف ہوتی ہیں، یہاں تک کہ عادات واطوار میں فرق ہوتا ہے کھیل کے میدان میں ہر بچے کی دلچسپی مختلف نوعیت کے کھیلوں میں ہوتی ہے۔

